Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر ، 26 اکتوبر 2026ء ، 14 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 183

خواتین کے ایجنڈے کو مضبوط بنانے کیلئے پہلی سالانہ کانفرنس

لوک ورشہ میں 20 سے زائد تنظیموں کی شرکت، 1995 کے بیجنگ اعلامیے کے وژن کو آگے بڑھانے، صنفی مساوات، اور خواتین ولڑکیوں کے خلاف تشدد کی روک تھام کے لیے مشترکہ وکالت پر زور

شراکت فاؤنڈیشن، Fondazione Pangea اور WWVIF کے اشتراک سے منعقدہ کانفرنس میں گلوبل ساؤتھ کے تناظر اور سول سوسائٹی کے تعاون کو ترجیح دینے کا عزم

شراکت فاؤنڈیشن نے فونداز یونے پنجیا اور ویمن ود آؤٹ وائلنس انٹرنیشنل فاؤنڈیشن (WWVIF) کے اشتراک سے منعقدہ پہلی سالانہ کانفرنس کے موقع پر خواتین کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (این ای این) شراکت فاؤنڈیشن نے فونداز یونے پنجیا (Fondazione Pangea) اور ویمن ود آؤٹ وائلنس انٹرنیشنل فاؤنڈیشن (WWVIF) کے اشتراک سے خواتین کے ایجنڈے کو مضبوط بنانے کے لیے پہلی سالانہ کانفرنس (CSWA) کا انعقاد 23 سے 25 اکتوبر 2026 تک لوک ورشہ، اسلام آباد میں کیا۔ اس کانفرنس میں 20 سے زائد تنظیموں (بقیہ نمبر 1)

مری، پرائس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم کا مارکیٹوں کا دورہ

بزرگ خاتون کی ڈپٹی کمشنر مری اور مجسٹریٹ عثمان اسلم کے لئے دعائیں

عوام کی دعائیں ہی خدمتِ خلق کا اصل سرمایہ ہیں، پرائس کنٹرول مجسٹریٹ

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری کی ہدایات پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم نے آج مختلف مارکیٹوں کا دورہ کیا، جہاں اشیائے ضروریہ کی مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت اور سرکاری ریٹ لسٹ کی نمایاں جگہوں پر نمائش کو یقینی بنایا گیا، تاکہ عوام کو (بقیہ نمبر 2)

پاکستان میں بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارے اڑنے کیلئے تیار

قومی ایئرلائن 31 اکتوبر کو جدید طیارے کے ذریعے لندن سے اسلام آباد کے لیے پہلی پرواز چلائے گی

لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے اپنے فضائی آپریشن میں اہم سنگ میل عبور کرلیا، پہلی بار بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے پاکستان کے فضائی آپریشن کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی (بقیہ نمبر 11)

بجلی چوری کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع

بجلی چوری کے مجموعی طور پر 213 کیسز پکڑے گئے، سافٹ ویئر بریچ کے 193، لوڈ پروفائل بریک کے 20 کیسز شامل

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے سافٹ ویئر بریچ اور لوڈ پروفائل بریکنگ کے ذریعے بجلی چوری کرنیوالوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا۔ ایم اینڈ ٹی ایسٹ ٹیموں نے بجلی چوری کے مجموعی (بقیہ نمبر 10)

پاکستان اور قطر کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان کا زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور

دوحہ (این این آئی) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک کے قیام کے منصوبے کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد سعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد السعود اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

تاریخی قذافی سٹیڈیم میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک پراجیکٹ کے معاہدے پر دستخط کی تقریب

اسلام آباد میں پاکستان کا پہلا تھیم پارک بنے گا

وفاقی وزیرداخلہ وچیئرمین، پی سی بی محسن نقوی مہمان خصوصی تھے، مفاہمتی یادداشت پرسعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد السعود اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے دستخط کئے

محسن نقوی کی جانب سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم، شہزادہ منصور بن محمد السعود کو مبارکباد دی، معاہدے کے تحت سعودی عرب کے سرمایہ کار اسلام آباد میں تھیم پارک پراجیکٹ کے لیے سرمایہ کاری کریں گے

سی ڈی اے تھیم پارک کیلئے اراضی فراہم کرے گی، سعودی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جائیں گی، تھیم پارک ایک گیم چینجر پراجیکٹ ثابت ہوگا

اگلے چند ماہ میں سعودی عرب میں رئیل سٹیٹ کے حوالے سے روڈ شو کا بھی پلان ہے، وزیرداخلہ محسن نقوی، پاکستان خصوصا اسلام آباد میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع ہیں۔ شہزادہ منصور بن محمد السعود

لاہور (این ای این) پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا، تاریخی قذافی سٹیڈیم میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک پراجیکٹ کے معاہدے پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، وفاقی وزیرداخلہ وچیئرمین پی سی بی محسن نقوی مہمان خصوصی تھے۔ مفاہمتی یادداشت پر سعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد السعود اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے دستخط کئے۔ محسن نقوی کی جانب سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کیا گیا اور انہوں نے اس ضمن میں شہزادہ منصور بن محمد السعود کو مبارکباد دی۔ معاہدے کے تحت سعودی عرب کے سرمایہ کار اسلام آباد میں تھیم پارک پراجیکٹ کے لیے سرمایہ کاری کریں گے۔ سی ڈی اے تھیم پارک کے (بقیہ نمبر 14)

ترکیہ میں عالمی ملٹری ڈرون مقابلے میں پاکستان کی دوسری پوزیشن

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے دارالحکومت انقرہ میں منعقدہ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں پاکستان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 33 ممالک میں (بقیہ نمبر 13)

صدر زرداری کی آسٹریا کے صدر اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد

باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ آسٹریا کے صدر اور عوام کو ان کے قومی دن کے موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے دوطرفہ اور کثیرالجہتی سطح پر تعمیری روابط دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط (بقیہ نمبر 12)

چوآسیدن شاہ صحافی ملک عظمت حیات کے خلاف مقدمہ

معاملہ قانونی محاذ پر مزید آگے بڑھنے کا امکان؛ A-22، B-22 ضابطہ فوجداری کے تحت رجوع کرنے کا عندیہ

مقدمہ نمبر 377/2026 کی شفاف انکوائری کا مطالبہ، ڈی پی او چکوال کو درخواست جمع؛ صحافتی حلقوں کا دوٹوک مؤقف

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) تھانہ چوآسیدن شاہ میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوآسیدن شاہ کی مدعیت میں معروف صحافی ملک عظمت حیات کے خلاف درج مقدمہ نمبر 377/2026 نے اہم صورتِ حال اختیار کر لی ہے ۔ معاملے کی شفافیت اور تفتیش کے غیر جانب دارانہ معیار سے متعلق سوالات کے درمیان صحافتی حلقوں نے واضح کیا ہے کہ مقدمہ درج ہونا کسی الزام کو حتمی طور پر ثابت نہیں کرتا، (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم/وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی وزارت خارجہ میں عوامی جمہوریہ چین کے سفیر، جناب جیانگ زائی ڈونگ سے ملاقات کررہے ہیں

سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی رہائش گاہ میں چوری کی واردات

پرسنل سیکرٹری کی مدعیت میں مقدمہ درج، سنگھر ہاؤس کے دونوں ملازمین تھانہ جاتلی کی حراست میں

سرکاری گارڈ کی ناک کے نیچے چوری پر چوروں کی دیدہ دلیری نے عام شہریوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ جاتلی کے علاقے میں واقع سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی رہائشگاہ سنگھر ہاؤس ڈھوک امب میں چوری کی واردات کا مقدمہ نمبر 397/26 زیر دفعہ 381 ت پ کے تحت درج کر لیا گیا ہے۔ سابق وزیراعظم کے پرسنل سیکرٹری طیب افضل کی مدعیت میں درج ایف آئی آر کے مطابق رہائش گاہ پر معمول کی چیکنگ کے دوران انکشاف ہوا کہ 3 عدد اے سی، (بقیہ نمبر 4)

15 سالہ لڑکے سے مبینہ طور پر ویپ کا عادی بنا کر مبینہ مبینہ زیادتی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ صادق آباد کے علاقے میں پڑوسی کے 15 سالہ لڑکے کو مبینہ طور پر ویپ کا عادی بنا کر مبینہ مبینہ زیادتی کی گئی، پولیس نے لڑکے کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 15 سالہ بیٹا نویں جماعت کا طالب علم ہے، کام سے گھر آیا تو اہلیہ نے بتایا کہ 15 سالہ بیٹا دو دو گھنٹے گھر سے باہر غائب رہتا ہے، پڑھائی بھی ٹھیک سے نہیں (بقیہ نمبر 19)

جنگ کے باعث عالمی سطح پر تیل بردار جہازوں کے کرایوں میں ریکارڈ اضافہ

کراچی (این این آئی) جنگ کے باعث عالمی سطح پر تیل بردار جہازوں کے کرایوں میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا۔ مشرق وسطی سے مشرق بعید جانے والے افرامیکس ٹینکرز کے کرایے یومیہ 2 لاکھ 80 ہزار ڈالر کی (بقیہ نمبر 16)

پیسوں کیلئے باپ چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث پایا گیا، شعیب خان

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) محمد شعیب خان نے انکشاف کیا ہے کہ پیسوں کیلئے ایک باپ چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث پایا گیا ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران شعیب خان نے کہا (بقیہ نمبر 26)

اہم قانون سازی، قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں توسیع کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں 30 اکتوبر تک توسیع کا فیصلہ کرلیا گیا، پارلیمانی ذرائع کے مطابق ایوان سے اہم بلز منظور کروائے جائیں گے۔ شیڈول کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس 26 اکتوبر تک رہنا تھا جو اب 30 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق اہم بلز منظور کروانے کیلئے رواں اجلاس میں توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومت بعض بلز قانون سازی کے لیے قومی (بقیہ نمبر 15)

گڈو میں کریک ڈاؤن، 2 ہزار گرام چرس برآمد ایک ملزم گرفتار

گڈو (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور پولیس نے منشیات کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 2 ہزار گرام چرس برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے ضلع کشمور پولیس کی جانب سے جاری کردہ (بقیہ نمبر 21)

حاجی راجہ افتخار کی نماز جنازہ نیو بھگام میں ادا

گجرخان (قمر شہزاد) حاجی راجہ افتخار مرحوم کی نماز جنازہ آبائی گاؤں نیو بھگام میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ پیر مخدوم جہانیاں نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ میں (بقیہ نمبر 8)

رنگ روڈ پر جرمانوں کی شرح میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا

بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر جرمانہ 500 سے بڑھا کر 5 ہزار، غلط اوورٹیکنگ پر کار پر 5 ہزار جرمانہ عائد ہوگا

موٹرسائیکل کے داخلے پر 5,000 روپے، پیدل سڑک عبور کرنے پر جرمانہ 200 سے بڑھا کر 1,000 روپے کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پر جرمانوں کی شرح میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا۔ لاہور رنگ روڈ پر بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر جرمانہ 500 سے بڑھا کر 5,000 روپے کر دیا گیا، اس طرح غلط اوورٹیکنگ پر کار کو 5 ہزار جبکہ 2,000 سی سی سے زائد گاڑیوں کو 10 ہزار روپے جرمانہ ہوگا۔ غلط لین استعمال کرنے پر 2 ہزار اور ون وے انٹری پر 5 ہزار روپے جرمانہ مقرر کیا گیا ہے، دھواں (بقیہ نمبر 25)

قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر کروں گا، گورنر فیصل کریم کنڈی

تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، میڈیا سے گفتگو

صوابی (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، قانون کا اطلاق (بقیہ نمبر 23)

ساہیوال، دس ہزار روپے رشوت لینے کا الزام کسووال کا تھانیدار معطل

ساہیوال (این این آئی) تھانہ کسووال کے سب انسپکٹر خالد پرویز کے خلاف دس ہزار روپے رشوت لینے کے الزام میں (بقیہ نمبر 24)

ڈائریکٹر انفارمیشن احمد نعیم ملک کی وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی ڈاکٹر تصور حیات سے ملاقات

تاریخی کتاب "تاریخ سکندر کا گمشدہ باب" پیش کر دی

"کتاب سرگودھا میں سکندرِ اعظم کی واپسی کے گمشدہ راستے" 70 سے زائد قدیم ٹیلوں اور کرانہ پہاڑی سلسلوں کی تاریخ پر روشنی ڈالتی ہے

یہ کتاب سرگودھا یونیورسٹی کے طلبہ و اساتذہ کیلئے آثار قدیمہ اور تاریخ کے شعبے میں مزید تحقیق کے لیے معاون ہو سکتی ہے

وائس چانسلر ڈاکٹر تصور حیات کی کتاب کو یونیورسٹی لائبریری میں شامل کرنے اور مزید تحقیق کی سپورٹ کی یقین دہانی

سرگودھا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات کو اپنی تحقیقی و تاریخ تصنیف پیش کر رہے ہیں

سرگودھا (این ای این) ڈائریکٹر انفارمیشن سرگودھا ڈویژن احمد نعیم ملک نے گزشتہ روز وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودھا پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات سے ملاقات کی اور انہیں اپنی نئی تحقیقی و تاریخی کتاب "تاریخ سکندر کا گمشدہ باب" پیش کی۔ اس موقع پر ریاضی کے پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف اور انچارج شعبہ تعلقات عامہ محمد عثمان بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مصنف نے وائس چانسلر کو کتاب کے مندرجات اور اس کی تحقیقی اہمیت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 6)

سیکٹر G-13 کے رہائشیوں، مارکیٹ ٹریڈ یونین کے نمائندگان کے مسائل کے حل کے لیے FGEHA کی کھلی کچہری

ڈائریکٹر انفورسمنٹ کی قیادت میں رہائشیوں اور تاجروں کے مسائل سنے گئے

سڑکوں، صفائی اور نکاسی آب کے جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی، ڈائریکٹر مینٹیننس رفاقت بھٹی کی ترقیاتی کاموں پر بریفنگ

مارکیٹوں میں غیر قانونی تجاوزات اور قبضوں کے خلاف بلاامتیاز "اکراس دی بورڈ" کارروائی کا اعلان، فیئت اور قانون کی پاسداری یقینی بنائی جائے گی

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کی جانب سے سیکٹر G-13/4، اسلام آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد رہائشیوں کے مسائل سنے گئے

اسلام آباد (این ای این) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کی جانب سے سیکٹر G-13/4، اسلام آباد کے رہائشیوں کے مسائل سننے اور ان کے فوری حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں سیکٹر کے مکینوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل و تجاویز پیش کیں۔ ایف جی ای ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب سے منعقدہ کھلی کچہری کی قیادت ڈائریکٹر انفورسمنٹ تنویر حیدر کھوکھر نے کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر مینٹیننس FGEHA رفاقت بھٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر انفورسمنٹ ملک نعمان اکبر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر انفورسمنٹ رضوان شاہ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے ، ڈائریکٹر انفورسمنٹ (بقیہ نمبر 5)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غریبوں کی حق تلفی

وزارتِ تخفیفِ غربت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کردہ دستاویزات کے مطابق مالی سال 2019ء سے 2025ء تک ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد سرکاری ملازمین اور پنشنرز نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے تقریباً 24 ارب روپے وصول کیے۔بی آئی ایس پی کا قیام اس مقصد کے تحت عمل میں لایا گیا تھا کہ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کو معاشی تحفظ فراہم کیا جائے' مگر اس پروگرام کے حوالے سے سامنے آنے والے ہوشربا انکشافات نے اسکے انتظامی ڈھانچے' نگرانی کے نظام اور حکومتی احتساب کی قلعی کھول دی ہے۔اس معاملے کا سب سے تشویشناک پہلو یہ ہے کہ 2019ء میں بے ضابطگیوں کی نشاندہی کے باوجود چھ سال تک ادائیگیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ان حقائق کو محض انتظامی غفلت قرار دے کر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں' پنشن اور دیگر مالیاتی ریکارڈ تک ریاستی اداروں کی رسائی کے باوجود غیر مستحق افراد کی شناخت نہ ہونا اس پروگرام کے نگرانی کے نظام کی سنگین ناکامی ہے۔حکومت کو چاہیے کہ غریبوں کی حق تلفی کر کے خورد برد کی گئی اس رقم کی واپسی اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے۔قومی وسائل لوٹنے والوں کیلئے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے۔یہ ان محروم خاندانوں کی امانت ہے جنہیں دو وقت کی روٹی کیلئے بھی ریاست کی مدد درکار ہے۔

پاکستان کیلئے نیا نظام کیوں ضروری؟؟

محمد عبداللہ حمید گل

بحیثیتِ قوم ہم تاریخ کے بدترین المیے کا شکار ہیں کہ مملکتِ خداداد گزشتہ 79 برسوں سے اپنی منزل کے حصول کیلئے سرگرداں ہے۔ہم نے ہمیشہ لا الٰہ الا اللہ کا نعرہ تو لگایا لیکن کلمۂ شہادت اور اس کے تمام تقاضوں کی عملی تفسیر نہ کر سکے اور نظامِ مصطفیٰ کے نفاذ سے محروم رہے۔علامہ اقبال کا خواب اور قائداعظم کا تصورِ پاکستان ایک ایسی آزاد مملکت کا قیام تھا جہاں جمہوریت کا بول بالا ہو اور حکومت عوام کو جوابدہ ہو' جہاں انسانی حقوق کے تحفظ کے ساتھ ساتھ آزادی و خودمختاری اور عدل و انصاف کا دور دورہ ہو۔سوال یہ ہے کہ قائداعظم نے جس فلاحی جمہوری نظام کا ذکر کیا تھا' وہ کہاں چلا گیا؟

ملک میں نظام کی تبدیلی کی بازگشت تو کافی عرصے سے سنائی دیتی رہی ہے۔بدقسمتی سے ہمارے ہاں قانونی و انتظامی ادارے بری طرح ناکامی سے دوچار ہیں۔ملکی تاریخ گواہ ہے کہ عوام ہر عہدِ حکمرانی میں اپنے حقوق کیلئے جہدِ مسلسل کرتے آئے ہیں۔وہ اپنی کم مائیگی و بے بسی کا ماتم کرتے رہے مگر راوی چین اور امن ہی لکھتا آیا۔ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے نام پر انہیں ناقابلِ برداشت مہنگائی' پٹرول اور گیس کی بڑھتی قیمتوں' ٹیکسوں کی بھرمار سمیت ناانصافی کے عفریت کا سامنا ہے کیونکہ معاشرہ کفر پر تو قائم رہ سکتا ہے مگر ناانصافی پر نہیں۔کیا یہ آخری معرکہ نہیں؟ کیا اب اس فرسودہ نظام کو اکھاڑ کر پھینکنے کا وقت آ گیا ہے؟ اگر آپ کہیں کہ جمہوری نظام سے بہتر کوئی نظام نہیں تو جمہوریتیں پوری دنیا میں ناکام ہو چکی ہیں۔بقول شاعرِ مشرق علامہ اقبال:

دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری

علامہ اقبال نے مغربی جمہوری نظام کا سنجیدہ اور گہرا مطالعہ کرنے کے بعد اسے دیو استبداد قرار دیا تھا جبکہ موجودہ جمہوریت دو تعریفوں پر پوری اتر رہی ہے (1): Democracy is government of elite, for the elite, and by the elite. (2): Democracy is government of the thieves, for the thieves, and by the thieves.

عوام کی حاکمیت کا نعرہ درحقیقت ایک بہت بڑا دھوکا ہے۔اس کے ذریعے عوام کو خوش کر دیا گیا ہے کہ تم حاکم بن گئے لیکن ہوتا یہ ہے کہ حکومت میں عوام کی شرکت محض ایک تخیلاتی اور تصوراتی حیثیت رکھتی ہے۔عملاً اکثر جگہوں پر عوام کو پتا ہی نہیں ہوتا کہ حکومت کیا کر رہی ہے جبکہ عوامی حقوق اور آزادیوں کو کچلنے والی حکومت جمہوری نہیں کہلا سکتی۔قائداعظم نے جس نظام کا ذکر کیا تھا وہ کہاں چلا گیا؟ اگر ایسٹ انڈیا کا باقیاتی نظام ہی لاگو کرنا تھا تو پھر مغربی جمہوریت بہتر نہیں تھی؟ پھر کیوں کہا گیا کہ پاکستان اس لیے بنایا جا رہا ہے کہ اسکے اندر قرآن و سنت کی بالادستی ہوگی؟ آج ہم اپنی منزل ہی نہیں راہ بھی کھو چکے ہیں۔افسوس' دوسری قوموں نے اپنی سمت مقرر کر لی ہے اور ہم ابھی تک گومگو کی صورتحال سے دوچار ہیں۔کیا یہ نظام یونہی چل پائے گا؟ حالات واضح عندیہ دے رہے ہیں کہ نظام اپنی مدت پوری کر چکا ہے۔نظام انصاف میں اصلاحات کیساتھ شعبہ تعلیم وصحت میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں۔عدالت' کفالت اور حفاظت کو بہتر بنایا جائے' یہ وقت کا تقاضا ہے۔

بانی پاکستان سے کسی نے پوچھا کہ آپ پاکستان کس کیلئے بنا رہے ہیں؟ قائداعظم نے جواب دیا کہ میں غریبوں کیلئے یہ ملک بنا رہا ہوں۔ان شاء اللہ' یہاں امیر و غریب میں کوئی فرق نہیں ہوگا' سب برابر ہوں گے۔آپ کا نصب العین ایک ایسی آزاد مسلم ریاست کا قیام تھا جس میں مسلمانوں سمیت یہاں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ہو' جہاں وہ اپنے مذہب کے احکامات کے مطابق آزادانہ زندگی بسر کر سکیں۔لمحۂ فکریہ تو یہ ہے کہ ہر ادارے' عدلیہ سے لے کر انتظامیہ و مقننہ تک' میں ان کے ویژن کا فقدان پایا جاتا ہے۔یہ عام آدمی کا نہیں' اُسے اشرافیہ کا ملک بنا دیا گیا ہے۔بلاشبہ جو نظام اس وقت چل رہا ہے وہ فرسودگی' کرپشن' بدعنوانی و لوٹ مار کا خاصہ ہے۔اس ملک کو حقیقی معنوں میں قائد کا پاکستان بنانے کیلئے سیاسی عدمِ استحکام کا خاتمہ' معاشی چیلنجز سے نمٹنا اور عام انتخابات کے پیشِ نظر مکمل شفافیت و انصاف کو یقینی بنانا ناگزیر ہو چکا ہے۔اس لیے ٹیکسوں کے بوجھ میں کمی کیلئے زکوٰۃ و عشر کا ایسا نظام لایا جائے جو شفافیت پر مبنی ہو۔

کیا یہ بات حقیقت نہیں کہ نوجوانوں کی امنگیں دم توڑتی جا رہی ہیں؟ ایسی صورتحال میں ایک نئے نظام کی خواہش جنم لے رہی ہے۔تحریک جوانانِ پاکستان ملک کی پہلی پارٹی ہے جس نے نوجوان طبقے کو ایک سیاسی پلیٹ فارم دیا ہے۔میں بطور سربراہ تحریک جوانانِ پاکستان یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہوں کہ میرے پاک وطن کے نوجوان کا ایمان و یقین متزلزل کیوں ہے؟ نوجوان یہاں کے عدالتی' سیاسی' قانونی و ریاستی نظام سے نالاں ہیں۔ہر سال لاکھوں نوجوان ملک سے باہر جا رہے ہیں۔ملک کا مستقبل یہاں سے فرار ہو رہا ہے۔نوجوان ڈنکی لگا کر سمندر میں غرقاب ہو رہے ہیں۔یہ موجودہ نظام پر نئی نسل کے عدمِ اعتماد کی ایک بڑی مثال ہے۔کیا ہمارے ہاں بہترین محلِ وقوع نہیں' معدنی ذخائر نہیں؟ دنیا کے فیصلے پاکستان کر رہا ہے لیکن ملک کا اندرونی گھسا پٹا نظام میرے ملک کے نوجوانوں کو قیمتی اثاثہ بنانے کے بجائے مایوسی کے دلدل میں دھکیل رہا ہے۔سری لنکا' بنگلہ دیش اور بھارت کی جین زی نے حکومتی ایوانوں کو ہلا دیا۔فرانس' اٹلی اور البانیہ میں کیا ہو رہا ہے؟ اگر اس نظام کو نہ بدلا گیا تو یہ لاوا کبھی بھی پھٹ سکتا ہے' پھر یہ انقلاب شاید رک نہ پائے۔مغربی جمہوریت آج اپنی موت مر رہی ہے جس کا عملی ثبوت وہاں کی سڑکوں پر جین زی کا احتجاج ہے کیونکہ وہ بھی نئے نظام کے متلاشی ہیں۔

انتخابات کے موقع پر امیدوار اور ان کے حامی کامیابی حاصل کرنے کیلئے لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔دولت مند طبقے کے لوگ خفیہ طور پر ووٹ خریدتے ہیں اور روپے کے زور پر اقتدار پر قابض ہو جاتے ہیں۔جمہوریت کے علمبردار امریکہ میں بھی ایک الیکشن پر اربوں ڈالر خرچ ہوتے ہیں۔ہمارے ہاں ایک عام آدمی کا سیاست میں آنا ناممکن بنا دیا گیا ہے۔یہاں امیر کیلئے الگ قانون ہے اور غریب کیلئے الگ۔اس لیے ملک میں ایک ایسے نظام کی ضرورت ہے جو حقیقی معنوں میں انسانیت کی خوشحالی اور امن کیلئے ہو۔یعنی موجودہ دقیانوسی نظام اپنی مدت پوری کر چکا ہے' اب اس میں تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے۔میں نے اپنے دورۂ یورپ کے دوران مغربی نظام کا جائزہ لیا۔سوئٹزرلینڈ کی مثال ہی لے لیں' وہاں ایک چھوٹی سی سڑک کی تعمیر کیلئے بھی رائے عامہ اہم ہوتی ہے۔ہمارا اُن سے موازنہ کریں تو فرق صاف ظاہر ہے۔یہاں پانچ سال میں ایک بار ٹھپہ لگانے کا موقع ملتا ہے' اب تو نتائج بھی پہلے سے طے شدہ ہوتے ہیں۔ہم نے ہائبرڈ نظام' جمہوریتوں' آمریتوں اور لیڈ ولاء کا تجربہ بھی کیا۔مغربی طرزِ حکومت' پارلیمانی و صدارتی نظام کے چکر میں پھنسا دیا گیا۔یہاں شخصیات مضبوط ہوئیں' نظام نہیں۔یہی وجہ ہے کہ شخصیات کے جانے سے نظام بھی دھڑام سے زمین بوس ہو جاتا ہے۔فسطائی قوتوں کا واویلا ہے کہ پاکستان ایک ناکام ریاست ہے' ہرگز نہیں! ہمارے ہاں نئے نظام کے نفاذ میں بڑی رکاوٹ بھی یہی طاغوتی قوتیں ہیں جو روزِ اول سے مسلط ہیں اور چاہتی ہیں کہ ہم بھٹکتے رہیں۔اس استعماری ایجنڈے سے بچنے کا حل یہی ہے کہ قرآن و سنت کی بالادستی کا قیام عمل میں لایا جائے۔خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کا نفاذ وقت کی ضرورت ہے مگر اس سے فرسودہ نظام کی کوتاہیاں اور نقائص دور نہیں کیے جاسکتے۔بلوچستان کی صورتحال سب کے سامنے ہے۔وہاں بھی دہشت گردی پر تاحال قابو نہیں پایا جا سکا۔صرف نئے صوبوں کا قیام تمام مسائل کا حل نہیں۔صرف چہرے نہیں' نظام بدلو۔

مصنوعی ذہانت: امکانات اور خدشات

اسد طاہر جپہ

آرٹیفیشل انٹیلی جنس یا مصنوعی ذہانت اب کوئی سائنسی تصور یا فکشن فلم کا خیالی خاکہ نہیں رہی۔اب یہ ہماری جیب میں ہے' ہمارے دفتر میں ہے' ہمارے بچوں کے سکول بیگ میں ہے۔جس تیزی سے ہم نے پچھلے دو برسوں میں اسے اپنایا ہے' اس کی مثال انسانی تاریخ میں کم ہی ملتی ہے۔ہر بڑی ایجاد کو عام آدمی تک پہنچنے میں دہائیاں لگیں مگر چیٹ جی پی ٹی کو ایک سو ملین صارفین تک پہنچنے میں صرف دو ماہ لگے۔یہ برق رفتاری ہی اس کی سب سے بڑی خوبصورتی بھی ہے اور سب سے بڑا خدشہ بھی۔لہٰذا اس وقت سوال یہ نہیں رہا کہ مصنوعی ذہانت آئے گی یا نہیں' سوال یہ ہے کہ ہم اس کے ساتھ کیسے رہیں گے؟ یہ ہماری خادمہ بنے گی یا مالکن؟ کیا یہ ہمیں ایک بہتر انسان بنائے گی یا ہم سے انسانیت ہی چھین لے گی؟ کالم کے محدود الفاظ میں ان تمام پہلوؤں پر سیر حاصل گفتگو ممکن نہیں؛ البتہ کچھ امکانات اور خدشات کو زیرِ بحث ضرور لایا جاسکتا ہے۔

پہلے اس کے روشن پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہیں کیونکہ میں ذاتی طور پر رجائیت پسند ہوں اور ہمیشہ امید و آرزو کے نگر آباد رکھتا ہوں۔مصنوعی ذہانت کا سب سے پہلا اور نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس نے علم و تدریس پر اشرافیہ کا اجارہ ختم کر دیا ہے۔میری نسل نے لائبریریوں میں گھنٹوں دھول پھانکی ہے۔ایک مستند حوالے کیلئے رجسٹر ڈھونڈنا' پھر کتاب' پھر اس کا صفحہ۔جبکہ آج ہر کوئی اپنے موبائل پر دنیا کے بہترین استاد سے سوال پوچھ سکتا ہے۔مصنوعی ذہانت نے علم کو اشرافیہ کے ڈرائنگ روم سے نکال کر کوچہ و بازار میں لاکھڑا کیا ہے۔اردو میں ترجمۂ قرآن کی تفسیر' اقبال کی تشریح' میڈیکل کا مشورہ' قانونی رہنمائی' سب کچھ ایک ٹچ اور ایک کلک پر دستیاب ہے۔یہ ایک ایسا انقلاب ہے' جس کا ماضی میں تصور تک نہیں تھا۔دوسری جانب صحت کے شعبے سے متعلق وقوع پذیر ہونے والی تبدیلیاں ہیں۔پاکستان جیسے ملک میں جہاں ہزاروں مریضوں کیلئے ایک ڈاکٹر ہے' اے آئی ایک مسیحا بن سکتی ہے۔ایکسرے میں کینسر کی ابتدائی تشخیص' دل کی دھڑکن کا پیٹرن دیکھ کر ہارٹ اٹیک کی پیش گوئی' گاؤں میں بیٹھی خاتون کا الٹرا ساؤنڈ' سینکڑوں میل دور شہر کے ڈاکٹر تک پہنچانا' یہ سب اب ممکن ہے۔مصنوعی ذہانت تھکتی نہیں' رشوت نہیں لیتی' اور ہڑتال پر نہیں جاتی۔اس کے ساتھ ساتھ معیشت اور روزگار کے نئے دروازے کھلے ہیں۔یہ کہا جا رہا ہے کہ اے آئی نوکریاں کھا جائے گی۔یہ آدھا سچ ہے۔ہر ٹیکنالوجی نے کچھ نوکریاں ختم کی ہیں اور اس سے کئی گنا زیادہ نئی پیدا کی ہیں۔جب کمپیوٹر آیا تو ٹائپسٹ کی نوکری ختم ہوئی لیکن سافٹ ویئر انجینئر' گرافک ڈیزائنر' ڈیٹا انٹری آپریٹر جیسے لاکھوں روزگار پیدا ہوئے۔آج ایک نوجوان ساہیوال میں بیٹھ کر اے آئی سے لوگو بنا کر امریکہ میں بیچ رہا ہے۔ایک بچی گوجرانوالہ میں بیٹھ کر اے آئی وائس اوور سے یوٹیوب چینل چلا رہی ہے۔اصل سوال نوکری جانے کا نہیں' ہنر بدلنے کا ہے۔چوتھا روشن پہلو تخلیقی صلاحیتوں کا فروغ ہے۔بہت سے ادیب پریشان ہیں کہ اے آئی لکھے گی تو ہم کیا کریں گے؟ میں سمجھتا ہوں کہ اے آئی لکھ نہیں سکتی' وہ صرف جوڑ توڑ کر سکتی ہے۔دردِ ہجرت' ماں کی گود کا لمس' پہلی محبت کی ناکامی' یہ لطیف جذبات اے آئی کے پاس نہیں۔لیکن ہاں! یہ ایک بہترین معاون بن سکتی ہے۔آپ ایک خاکہ دیں' وہ اسے پھیلا دے گی۔آپ غزل کا ایک مصرع دیں' وہ اس پر زمینیں دے دے گی۔یہ قلم کو چھینتی نہیں بلکہ اسے تیز کرتی ہے۔

اب تصویر کا دوسرا رخ دیکھتے ہیں اور ان خدشات پر بات کی جائے جن سے آنکھ نہیں چرائی جا سکتی۔جس طرح ہر چمکتی چیز سونا نہیں ہوتی' اس مصنوعی چمک کے پیچھے کچھ بہت گہرے اندھیرے بھی ہیں جن پر بات کرنا ضروری ہے۔سب سے بڑا نقصان سچ اور جھوٹ کی تمیز کا خاتمہ ہے۔یہی میرا سب سے بڑا اندیشہ ہے۔پچھلے مہینے ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں ایک معروف سیاسی رہنما ایسی بات کہہ رہا تھا جو اس نے کبھی کہی ہی نہیں۔بعد میں پتا چلا وہ ڈیپ فیک تھی۔مصنوعی ذہانت سے اب کسی کی بھی شکل' آواز' چال ڈھال بنائی جاسکتی ہے۔آنے والے الیکشن میں' آنے والے فسادات میں' یہ سب سے خطرناک ہتھیار بنے گا۔جب ہم کسی ویڈیو پر ہی یقین نہیں کر سکیں گے تو معاشرہ کس پر یقین کرے گا؟ عدالت کس ثبوت کو مانے گی؟ میڈیا کس کو سچ کہے گا؟ یہ محض ٹیکنالوجی کا مسئلہ نہیں' یہ تہذیب کے بھروسے کا بحران ہے۔یہ انسانی دماغ کی سستی اور تنزلی کا سبب بھی بن سکتی ہے۔ہم نے کیلکولیٹر آنے کے بعد پہاڑے یاد کرنا چھوڑ دیے۔گوگل آنے کے بعد راستے یاد کرنا چھوڑ دیے۔کیا اب اے آئی کے بعد سوچنا بھی چھوڑ دیں گے؟ مبینہ طور پر یونیورسٹیوں میں طلبہ تھیسس اے آئی سے لکھوا رہے ہیں۔سکول کے بچے مضمون اور ماڈلز اے آئی سے بنوا رہے ہیں۔ہم ایک ایسی نسل تیار کر رہے ہیں جس کے پاس معلومات تو بہت ہوں گی لیکن اپنی عقل اور شعور کم ہوگا۔جس کے پاس جواب تو ہوں گے لیکن سوال پوچھنے کی جستجو نہیں ہوگی۔یاد رکھیے' جو افراد سوچنا چھوڑ دیتے ہیں' وہ ٹیکنالوجی کے غلام بن جاتے ہیں اور یوں تخلیقی صلاحیتوں کا نقصان ہو سکتا ہے۔روزگار کے مواقع محدود ہونے کے باعث معاشی ناہمواری بڑھ جائے گی۔یہ کہنا کہ نوکریاں نہیں جائیں گی' خوش فہمی ہے۔دس میں سے تین نوکریاں ضرور جائیں گی' بالخصوص جن میں دہرائے جانے والے کام زیادہ ہیں۔مثلاً کال سنٹر' بنیادی اکاؤنٹنگ' عام ترجمہ' ڈیٹا انٹری وغیرہ۔پاکستان جیسے ملک کیلئے جہاں پہلے ہی 60 فیصد نوجوان بے روزگار یا نیم بے روزگار ہیں' یہ ایک بڑا چیلنج ہوگا۔سب سے بڑا ظلم یہ ہے کہ اس ٹیکنالوجی کا فائدہ صرف چند بڑی کمپنیوں کو ہو رہا ہے۔ڈیٹا ہمارا' محنت ہماری لیکن پیسہ سیلیکون ویلی کا۔یہ ایک نئی قسم کی ایسٹ انڈیا کمپنی ہے جو ڈیٹا کی صورت میں ہم سب کو نوآبادیاتی کالونی بنا رہی ہے۔

اس کے علاوہ اس سے منسلک کچھ اخلاقی اور قانونی پہلو بھی ہیں۔مثال کے طور پر اگر ایک خودکار گاڑی ایکسیڈنٹ کر کے کسی کو مار دے تو قاتل کون ہے؟ گاڑی بنانے والا' سافٹ ویئر لکھنے والا یا گاڑی میں بیٹھا شخص؟ اگر اے آئی کسی مریض کو غلط دوا تجویز کر دے تو ذمہ دار کون ہوگا؟ ہمارے قانون' ہماری فقہ' ہمارے اخلاقی اصول ابھی اس کیلئے تیار نہیں ہیں۔ہم ایک ایسی دنیا میں داخل ہو رہے ہیں جس کا نقشہ ہمارے پاس ہے ہی نہیں۔یہاں پر سب سے بڑا سوال یہی ہے۔جب ایک تنہا بوڑھا اپنی شام ایک چیٹ بوٹ کے ساتھ گزارنے لگے گا جو اسے ہر بات پر "جی بالکل! آپ درست کہتے ہیں" جیسے جواب دے گا تو وہ حقیقی انسانوں کی تلخی' اختلاف اور محبت کو کیسے برداشت کرے گا؟ مصنوعی ذہانت ہمیں بہت میٹھی' بہت فرمانبردار' بہت مطلبی دنیا دے رہی ہے۔لیکن انسانیت کا حسن تو اس کی خامیوں' اس کے اختلاف اور اس کی قربانی میں ہے۔

تو پھر راستہ کیا ہے؟ راستہ دکھائی نہ دے تو آنکھیں بند کر کے چلنا ہے' اور نہ ڈر کر اس سے اجتناب کرنا ہے۔راستہ بیچ کا اپنانا ہے' اور وہی ہمارا تاریخی راستہ رہا ہے۔حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر ایک قومی اے آئی پالیسی بنائے۔سکول کے نصاب میں اے آئی لٹریسی شامل کی جائے۔بچوں کو یہ سکھایا جائے کہ اے آئی سے سوال کیسے پوچھنا ہے' اور اس کے جواب پر کیسے شک کرنا ہے۔اگر ہم نے اردو' پنجابی' سندھی' پشتو میں اپنا اے آئی ماڈل نہ بنایا تو کل ہماری نسلیں انگریزی ماڈل سے اپنی تاریخ پوچھیں گی جو ہمیں ہماری تاریخ' ہماری نظر سے نہیں دوسروں کی نظر سے بتائے گا۔لہٰذا ہمیں اپنا ڈیٹا محفوظ کرنا ہے اور اپنی زبانوں میں بڑے ماڈلز بنانے ہیں۔ہمیں ہر جگہ لکھنا ہوگا کہ یہ مواد اے آئی سے بنا ہے یا انسانوں نے بنایا ہے۔ہمیں عدالتوں' ہسپتالوں اور کلاس رومز میں فیصلہ کرنے کا حتمی حق اپنے پاس ہی رکھنا ہوگا۔مصنوعی ذہانت وکیل کو تو کیس کی تیاری میں مدد فراہم کرسکتی ہے مگر عدالت میں اپنے کلائنٹ کی نمائندگی نہیں کرسکتی۔مشین مشورہ تو دے سکتی ہے' فیصلہ نہیں کرسکتی۔

شوبز SHOWBIZ

جھانوی کپور کا فوٹوگرافروں پر نامناسب تصاویر بنانے پر تحفظات کا اظہار

جھانوی کپور ہدایت کار راج مہتا کی فلم "لگ جا گلے" کی تیاریوں میں مصروف ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ جھانوی کپور نے جم کے لباس میں نامناسب تصاویر بنانے پر پاپارازی فوٹوگرافروں کو طلب کر کے اپنے تحفظات کا اظہار کر دیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق 29 سالہ اداکارہ نے اس معاملے پر بات کرنے کے لیے فوٹوگرافروں کے ساتھ بند کمرے میں ملاقات کی۔جھانوی کپور اس سے قبل بھی مشہور شخصیات کی اجازت کے بغیر تصاویر اور ویڈیوز بنانے پر تنقید کرتی رہی ہیں۔صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ایک پاپارازی نے بتایا ہے کہ جھانوی کپور نے ملاقات کے دوران کہا ہے کہ لوگ بھی روزانہ جم سے نکلتے ہوئے اداکاروں کی تصاویر دیکھ کر اکتا چکے ہیں، اداکاروں کا کام فلموں میں نظر آنا ہے، اس لیے میں نہیں چاہتی کہ ایسی تصاویر بار بار سوشل میڈیا پر دکھائی جائیں۔فوٹوگرافر کے مطابق جھانوی کپور نے کچھ عرصے کے لیے جم سے نکلتے وقت تصاویر لینے کا سلسلہ روکنے کی درخواست بھی کی، کیونکہ انسٹاگرام پر ان تصاویر کے نیچے نامناسب اور نازیبا تبصرے کیے جاتے ہیں۔پاپارازی فوٹوگرافر نے اداکارہ کے رویے کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ جھانوی نے ہم سے ہمیشہ احترام سے بات کی اور ملاقات کے دوران بھی ان کا انداز خوش اخلاقی پر مبنی تھا۔جھانوی کپور کے علاوہ مرونال ٹھاکر اور سلمان خان سمیت کئی بھارتی فنکار بھی قابلِ اعتراض ویڈیوز اور نامناسب انداز میں تصاویر بنانے کے خلاف آواز اٹھا چکے ہیں۔واضح رہے کہ جھانوی کپور ہدایت کار راج مہتا کی فلم "لگ جا گلے" کی تیاریوں میں مصروف ہیں، جو 14 مئی 2027 کو ریلیز ہوگی۔

حسد خاندانی رشتوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، ونیزہ احمد

لوگوں کو دوسروں پر توجہ مرکوز رکھنے کے بجائے اپنے رویوں اور جذبات کا جائزہ لینا چاہیے

کراچی (این این آئی) پاکستانی ماڈل، اداکارہ اور میزبان ونیزہ احمد نے کہا ہے کہ خاندان میں حسد اور بچوں کا ایک دوسرے سے موازنہ رشتوں کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ایک انٹرویو میں ونیزہ احمد نے مختلف رشتوں میں حسد پیدا ہونے اور اپنے جذبات کو سمجھنے کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کو دوسروں پر توجہ مرکوز رکھنے کے بجائے اپنے رویوں اور جذبات کا جائزہ لینا چاہیے۔ونیزہ احمد نے خاندانی معاملات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ والدین انجانے میں بہن بھائیوں، کزنز اور خاندان کے دیگر بچوں کا ایک دوسرے سے موازنہ کر کے ان کے درمیان ناراضگی اور حسد پیدا کر سکتے ہیں، اس طرح کے رویے رشتوں پر دیرپا منفی اثرات مرتب کرتے اور بچوں کے درمیان غیر صحت مند مسابقت کو جنم دیتے ہیں۔انہوں نے زور دیا ہے کہ بچوں کو ایک دوسرے سے موازنہ کرنے کے بجائے ان کی انفرادی صلاحیتوں اور خوبیوں کی بنیاد پر سراہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ بچپن ہی سے ایک دوسرے کو قبول کرنے اور باہمی احترام کو فروغ دینے سے خاندان میں حسد کو جڑ پکڑنے سے روکا جاسکتا ہے۔

دیپیکا پڈوکون نے دوسری بیٹی کا نام دیوی رکھ دیا گیا

دیپکا پڈوکون اور رنویر سنگھ کی شادی 14 نومبر 2018 کو اٹلی میں ہوئی تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ دیپیکا پڈوکون اور رنویر سنگھ نے اپنی دوسری بیٹی کا نام دیوی پڈوکون سنگھ رکھا ہے جس پر اداکارہ بپاشا باسو نے دلچسپ ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔دیپیکا اور رنویر نے ہندو تہوار دسہرے کے موقع پر اپنی پہلی فیملی تصویر شیئر کرتے ہوئے دوسری بیٹی کا نام دیوی رکھنے کا اعلان کیا۔بپاشا باسو جن کی بیٹی کا نام بھی دیوی ہے، انہوں نے اس حوالے سے دیپیکا و رنویر کی شیئر کی گئی تصویر پر دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔بپاشا باسو نے لکھا ہے کہ اچھا تو آپ واقعی دیوی نام رکھنے کے معاملے میں سنجیدہ تھیں، جب آپ نے ایک بار مجھے بتایا تھا کہ آپ کو دیوی نام پسند ہے۔دیپیکا اور رنویر کی جانب سے شیئر کی گئی تصویر میں فنکار جوڑی سمیت ان کی بڑی بیٹی دعا اور چھوٹی بیٹی دیوی کو بھی سنہری لباس میں دیکھا جا سکتا ہے۔اس پوسٹ کو لاکھوں صارفین سمیت متعدد فنکاروں نے بھی پسند کیا اور کمنٹ باکس میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

فائرنگ کے 2 روز بعد ٹائیگر شروف فلم کے سیٹ پر واپس

ان کا ڈرائیور بھی گولی لگنے سے زخمی ہوا تھا، جو صحت یاب ہو رہا ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف ممبئی میں فائرنگ کے واقعے کے صرف 48 گھنٹے بعد 20 اکتوبر کو دوبارہ کام پر واپس آ گئے۔واقعے میں اداکار کو معمولی چوٹیں آئی تھیں، جبکہ ان کا ڈرائیور بھی گولی لگنے سے زخمی ہوا تھا، جو صحت یاب ہو رہا ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق ٹائیگر شروف نے فائرنگ کے واقعے کے باوجود دھرما پروڈکشنز کی فلم لگ جا گلے کی شوٹنگ دوبارہ شروع کر دی ہے۔فلم لگ جا گلے میں ٹائیگر شروف کے ساتھ اداکارہ جھانوی کپور اور لکشیا بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔فلم کے ہدایت کار راج مہتا ہیں، جو گڈ نیوز، جگ جگ جیو اور سیلفی جیسی فلموں کے لیے مشہور ہیں۔

رشمیکا مندانا کی شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کی خواہش

دونوں اداکاروں کی مشترکہ فلم کے حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ رشمیکا مندانا نے بالی ووڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان کے ساتھ فلم میں کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔بھارتی میڈیا کے مطابق پروگرام کافی ود کرن 9 میں مختصر سوال و جواب کے دوران میزبان کرن جوہر نے رشمیکا سے پوچھا کہ وہ آئندہ کس بالی ووڈ اداکار کے ساتھ کام کرنے میں دلچسپی رکھتی ہیں۔اس پر رشمیکا مندانا نے جواب دیا کہ شاہ رخ خان کے ساتھ فلم ایک دلچسپ تجربہ ہوگی۔اداکارہ کے اس بیان کے بعد دونوں فنکاروں کو ایک ساتھ بڑے پردے پر دیکھنے کے امکان کے حوالے سے دلچسپی پیدا ہوگئی ہے، تاہم رشمیکا نے کسی ممکنہ فلم کے حوالے سے مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔رشمیکا مندانا کنڑ، تیلگو اور ہندی فلموں میں اپنی اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں، جبکہ شاہ رخ خان کا شمار بھارتی سینما کے نمایاں ترین اداکاروں میں ہوتا ہے۔دونوں اداکاروں کی مشترکہ فلم کے حوالے سے تاحال کوئی باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا ہے۔

بچپن میں کالی کہلائے جانے پر مندر میں خوبصورتی کیلئے دعا کرتی تھی

مندر میں اپنی خوبصورتی کے لیے دعائیں مانگتی تھی، جیسمین بھاسن

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ جیسمین بھاسن نے انکشاف کیا ہے کہ بچپن میں رنگت اور ظاہری شکل پر تنقید کے باعث میں احساسِ کمتری کا شکار تھی، مندر میں اپنی خوبصورتی کے لیے دعائیں مانگتی تھی۔جیسمین بھاسن نے حال ہی میں جے مدان کی پوڈکاسٹ میں شرکت کی جہاں انہوں نے بتایا کہ بچپن میں مجھے اکثر یہ سننے کو ملتا تھا کہ میں کالی ہوں، جلد پر کیل مہاسوں اور دبلی پتلی جسامت کی وجہ سے بھی مجھے مختلف باتیں سننا پڑتی تھیں جس سے میں دلبرداشتہ رہتی تھی۔انہوں نے بتایا کہ بچپن میں میرے والد مجھے راجستھان میں واقع ایک بھاسن ماتا مندر لے گئے تھے جہاں میں نے کئی سیڑھیاں چڑھ کر خصوصی طور پر دعا کی کہ خدا مجھے اتنا خوبصورت بنا دے کہ ایک دن لوگ مجھ سے ملنے کی خواہش کریں۔جیسمین نے کہا کہ میں اکثر اوقات صرف یہی دعا کرنے مندر جایا کرتی تھی، میں اس وقت بہت معصوم بچی تھی اور میری دعا میں خلوص تھا، اسی لئے مجھے یقین تھا کہ میری خواہش ضرور پوری ہوگی۔

سپورٹس SPORTS

کینسر میں مبتلا بنگلا دیشی کرکٹر ایمبولینس میں زندگی کی بازی ہار گیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلا دیش کی انڈر 18 کرکٹ ٹیم کے نوجوان فاسٹ بولر مہدی حسن ہردوئے علاج کے لیے ڈھاکا منتقلی کے دوران ایمبولینس میں انتقال کر گئے۔بنگلا دیشی میڈیا کے مطابق چٹا گانگ ڈویژن کی انڈر 18 ٹیم کے رکن مہدی حسن ہردوئے خون کے سرطان میں مبتلا تھے، انہیں بہتر علاج کے لیے ڈھاکا منتقل کیا جا رہا تھا تاہم وہ اسپتال پہنچنے سے قبل ہی دم توڑ گئے۔بائیں ہاتھ سے فاسٹ بولنگ کرنے والے مہدی حسن ہردوئے کو چٹاگانگ کی جونیئر کرکٹ میں ایک باصلاحیت اور ابھرتا ہوا کھلاڑی سمجھا جاتا تھا۔

مصر کے کھلاڑیوں نے اپ سیٹ فتوحات پاکر انٹرنیشنل اسکواش کا میلہ لوٹ لیا

کراچی (این این آئی) مصر کے کھلاڑیوں نے اپ سیٹ فتوحات پاکر انٹرنیشنل اسکواش کا میلہ لوٹ لیا، سیڈ 2 کریم الحمامے نے ٹاپ سیڈ انگلینڈ کے کرٹس ملک اور سیڈ 4 راون العرابی نے سیڈ 2 اینہ الریانہ کو مات دے کر مینز اور ویمن ایونٹس جیت لیے۔کریک کلب پر منعقدہ چیمپین شپ کی فائنل اور اختتامی تقریب میں سندھ کے وزیر محنت سعید غنی مہمان خصوصی تھے جبکہ ڈی ایچ اے بکرا ہے کے ایڈمنسٹریٹر بریگیڈیئر امیر نواز خان مہمان اعزازی تھے۔

بقیہ 1

کے نمائندوں، سول سوسائٹی کے اراکین، سماجی کارکنوں، محققین اور مختلف شعبوں سے وابستہ پیشہ ور افراد نے شرکت کی۔کانفرنس کا مقصد خواتین کے حقوق اور صنفی مساوات کے فروغ کے لیے مشترکہ آواز اور اجتماعی وکالت کو مضبوط بنانا تھا۔اس کانفرنس کا مقصد 1995 کے بیجنگ اعلامیہ اور پلیٹ فارم فار ایکشن کے وژن کو آگے بڑھانا اور اس کے وعدوں کو آج خواتین اور لڑکیوں کو درپیش مسائل، چیلنجز اور ترجیحات سے جوڑنا تھا۔اس پلیٹ فارم نے مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والی حقوقِ نسواں کی حامی آوازوں کو اپنے خیالات کے تبادلے، اب تک ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے اور خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے اہم ترجیحات کی نشاندہی کرنے کا موقع فراہم کیا، خصوصاً گلوبل ساؤتھ کے تناظر میں۔کانفرنس میں 20 سے زائد تنظیموں نے شرکت کی، جن میں ویمن وِد آؤٹ وائلنس انٹرنیشنل فاؤنڈیشن (WWVIF)، ومنز یو این رپورٹ نیٹ ورک (WUNRN)، سپارک، ویمن فار پیس اِن دی ورلڈ، گلوبل الائنس فار امپروڈ نیوٹریشن (GAIN)، روزن، بلوچستان سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹوز اور ایکشن فار گرلز ایمپاورمنٹ سمیت دیگر تنظیمیں شامل تھیں۔تین روزہ کانفرنس کے دوران شرکاء نے بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن کی اہمیت اور اس پر عمل درآمد کی موجودہ صورت حال کے حوالے سے مکالمے اور معلومات کے تبادلے میں حصہ لیا۔گفتگو میں صنفی عدم مساوات کے تسلسل، خواتین کی قیادت اور فیصلہ سازی میں بامعنی شرکت، خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد کی روک تھام، اور خواتین کے حقوق و صنفی مساوات کے لیے وکالت کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر روشنی ڈالی گئی۔کانفرنس کا ایک اہم مقصد 1995 کے بیجنگ اعلامیے کے وژن کو آج کے حالات اور ضروریات کے مطابق آگے بڑھانے کے لیے ایک مؤثر وکالتی ایجنڈے کو فروغ دینا تھا۔شرکاء کی حوصلہ افزائی کی گئی کہ وہ ابھرتے ہوئے چیلنجز کا جائزہ لیں، موجودہ وعدوں پر عمل درآمد میں موجود خامیوں کی نشاندہی کریں اور ایسے عملی اقدامات پر غور کریں جن کے ذریعے خواتین کے حقوق کو پالیسیوں، اداروں اور ترقیاتی عمل میں زیادہ مؤثر ترجیح بنایا جا سکے۔مختلف پس منظر اور حالات سے تعلق رکھنے والی تنظیموں اور حقوقِ نسواں کی حامی آوازوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے سے تجربات کے تبادلے، روابط کو مضبوط بنانے اور مشترکہ اقدامات کے امکانات تلاش کرنے کے مواقع پیدا ہوئے۔مباحثوں میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ خواتین اور لڑکیوں کے متنوع تجربات کو تسلیم کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ان کی آواز، ترجیحات اور عملی زندگی کے تجربات وکالت اور فیصلہ سازی میں مؤثر طور پر شامل ہوں۔کانفرنس میں گلوبل ساؤتھ کے نقطہ نظر اور ترجیحات کو خصوصی اہمیت دی گئی۔اس سلسلے میں مقامی ضروریات کے مطابق حکمت عملی اپنانے، سب کی شمولیت کو یقینی بنانے اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے درمیان تعاون کو مضبوط کرنے کی اہمیت اجاگر کی گئی۔کانفرنس نے اداروں کو جواب دہ بنانے، امتیازی سماجی رویوں کو چیلنج کرنے اور بامعنی و دیرپا تبدیلی کے فروغ میں حقوقِ نسواں کی تحریکوں اور سول سوسائٹی کے اہم کردار کو بھی اجاگر کیا۔خواتین کے ایجنڈے کو مضبوط بنانے کے لیے پہلی سالانہ کانفرنس کے ذریعے شراکت فاؤنڈیشن اور اس کے شراکت دار اداروں نے حقوقِ نسواں کی تحریکوں کے درمیان یکجہتی کو مضبوط بنانے، اجتماعی وکالت کو فروغ دینے اور خواتین و لڑکیوں کی ضروریات، مسائل اور خواہشات کے مطابق ایک جامع ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔یہ کانفرنس بیجنگ پلیٹ فارم فار ایکشن کے حوالے سے نئے مکالمے، باہمی تعاون اور اجتماعی عزم کو فروغ دینے کا ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوئی۔اس نے اس امر کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا کہ مساوات، ترقی اور امن کے وژن کو آج کی خواتین اور لڑکیوں کے لیے عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے تاکہ موجودہ اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک زیادہ منصفانہ، مساوی اور جامع معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکے۔

بقیہ 2

ریلیف فراہم کیا جا سکے۔دورے کے دوران ایک بزرگ خاتون نے عوامی مفاد میں کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹ عثمان اسلم کے لیے دل سے دعائیں دیں اور ان کی عوامی خدمت کے جذبے کو خراجِ تحسین پیش کیا۔بزرگ خاتون کی جانب سے ملنے والی خلوص بھری دعائیں اس بات کی عکاس ہیں کہ عوامی خدمت، منصفانہ قیمتوں اور عوامی ریلیف کے لیے کیے جانے والے اقدامات لوگوں کے دل جیت رہے ہیں۔عوام کی دعائیں ہی خدمتِ خلق کا اصل سرمایہ ہیں

بقیہ 3

بلکہ اصل فیصلہ شواہد، غیر جانب دارانہ تحقیقات اور قانون کے مطابق کارروائی سے ہونا چاہیے۔اسی سلسلے میں ملک عظمت حیات ڈسٹرکٹ کمپلیکس چکوال پہنچے، جہاں انہوں نے تحصیل پریس کلب چکوال رجسٹرڈ کے بانی چیئرمین چوہدری عمران قیصر عباس اور سی ای او فاسٹ میڈیا گروپ راجہ شہزاد حمید سے ملاقات کی۔اس موقع پر ملک عظمت حیات نے قرآن پاک پر حلف اٹھاتے ہوئے الزام عائد کیا کہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی چوآ سیدن شاہ اور ان کے ہمراہ ملازمین مسلح ہو کر ان پر حملہ آور ہوئے؛ ان کے مطابق واقعے کی ویڈیو فوٹیج بھی موجود ہے، جسے وہ اپنے مؤقف کے ثبوت کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔ان الزامات کی تصدیق یا تردید کا حتمی تعین متعلقہ شواہد اور غیر جانب دارانہ تحقیقات ہی سے ممکن ہے۔چوہدری عمران قیصر عباس نے ملک عظمت حیات اور راجہ شہزاد حمید کے ہمراہ جاری کردہ ویڈیو بیان میں ڈی پی او چکوال سے مطالبہ کیا کہ مقدمے کے تمام پہلوؤں، دستیاب ویڈیو فوٹیج اور متعلقہ فریقین کے بیانات کی بنیاد پر شفاف، غیر جانب دارانہ اور جامع انکوائری کرائی جائے۔اس سلسلے میں ڈی پی او چکوال کو درخواست جمع کروادی گئی ہے، جسے متعلقہ افسران کو بھجوا دیا گیا ہے۔صحافتی حلقوں کے مطابق اگر درخواست پر مؤثر پیش رفت نہ ہوئی یا انصاف کے تقاضے پورے نہ ہوئے تو معاملہ اگلے قانونی مرحلے میں لے جانے کے لیے ضابطہ فوجداری کی دفعات 22-A اور 22-B کے تحت متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کا راستہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔ان قانونی دفعات کے تحت متعلقہ جسٹس آف پیس سے رجوع کرنے کی گنجائش قانون میں مقررہ شرائط اور دائرۂ اختیار کے تابع ہوتی ہے؛ اس لیے آئندہ کارروائی دستیاب ریکارڈ، قانونی مشورے اور متعلقہ فورم کے اختیار کو مدنظر رکھ کر کی جائے گی۔ملاقات کے دوران سی ای او فاسٹ میڈیا گروپ راجہ شہزاد حمید، صدر فاسٹ میڈیا چوہدری ہارون، ملک سفیر عباس، ملک مصدق، ملک حسن فردوس، چوہدری رضوان عباس، ملک طائر عباس، ملک طارق اعوان اور دیگر ممبران نے چوہدری عمران قیصر عباس کی موجودگی میں ملک عظمت حیات سے اظہار یکجہتی کیا اور انصاف کے حصول کے لیے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔صحافتی برادری نے مؤقف اختیار کیا کہ قانون کی عمل داری کا تقاضا ہے کہ ہر فریق کے دعوؤں کو یکساں معیار پر پرکھا جائے، شواہد کو نظرانداز نہ کیا جائے اور کسی بھی شخص کو محض الزام کی بنیاد پر قصوروار نہ سمجھا جائے۔اب متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے کہ درخواست پر ہونے والی پیش رفت واضح کریں اور معاملے کی ایسی غیر جانب دارانہ جانچ یقینی بنائیں جس سے حقائق سامنے آئیں اور کسی فریق کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔

بقیہ 4

2عدد دروازے، 3عدد کھڑکیاں، 4عدد پنکھے،5 الماریوں کے تالے توڑ کر قیمتی کراکری، 6عدد ڈیکوریشن پیسز، قالین، گھاس کاٹنے والی مشین اور دیگر قیمتی گھریلو اشیاء 2لاکھ 70ہزار روپے مالیتی غائب ہیں۔ایف آئی آر کے متن کے مطابق موقع پر موجود پولیس گارڈ نے بتایا کہ یہاں فیملی سمیت مقیم ملازم علی اکبر ولد محمد حیات گزشتہ رات سے غائب ہے اور فون بھی بند ہے جس پر مدعی مقدمہ نے علی اکبر اور دوسرے ملازم محمد زادہ ولد امیر زادہ سے تفتیش اور پورے معاملے کی غیر جانبدارانہ انکوائری سمیت چوری کے سامان کی خرید وفروخت کرنے والوں کے کردار کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ جبکہ پولیس حکام نے دونوں ملازمین کو گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا ہے اصل حقائق پولیس تفتیش کے بعد سامنے آئیں گے۔چوری کی اس واردات پر عوامی و سماجی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سنگھر ہاؤس جیسی وی آئی پی حساس رہائش گاہ پر جہاں چوبیس گھنٹے پولیس گارڈ مستقل ڈیوٹی پر مامور ہوتی ہے، وہاں چوری کی واردات قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ جب ایک سابق وزیراعظم کا گھر فول پروف سیکیورٹی اور سرکاری محافظوں کی موجودگی میں بھی محفوظ نہیں اور چور اطمینان سے گھر خالی کر کے لے جاتے ہیں، تو عام شہریوں کے جان و مال کا تحفظ خدا ہی حافظ ہے ۔سماجی حلقوں نے اعلیٰ پولیس حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ چوری کے اس واقعے میں ملوث اصل ملزمان کو فوری بے نقاب کیا جائے اور ڈیوٹی پر تعینات پولیس گارڈ کے فرائض میں غفلت یا کسی بھی قسم کی اندرونی ملی بھگت کے پہلو کی بھی اعلیٰ سطحی اور شفاف انکوائری کر کے سخت ترین قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 5

نے رہائشیوں اور مارکیٹ نمائندگان کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔کھلی کچہری میں ریزیڈنٹس کی ٹیم کی نمائندگی جاوید قریشی کر رہے تھے ۔جبکہ دیگر ممبران میں ممتاز علی ، چوہدری امجد علی موجود تھے ۔اس موقع پر رہائشیوں نے سیکٹر میں درپیش مختلف مسائل، بالخصوص ترقیاتی کاموں، صفائی ستھرائی، انفراسٹرکچر، سڑکوں، نکاسی آب اور دیگر شہری سہولیات سے متعلق اپنے تحفظات اور تجاویز FGEHA حکام کے سامنے پیش کیے ۔ایف جی ای ہاؤسنگ اتھارٹی کی جانب سے ڈائریکٹر انفورسمنٹ نے رہائشیوں کے مسائل کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ امور پر ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ رہائشیوں کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ڈائریکٹر سٹیٹ مینجمنٹ FGEHA رفاقت بھٹی صاحب نے سیکٹر کی مجموعی صورتحال، جاری ترقیاتی و مینٹیننس امور اور مستقبل کے اقدامات کے حوالے سے رہائشیوں کو تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے مختلف مسائل کے حل کے لیے متعلقہ شعبوں کی ذمہ داریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا۔ڈائریکٹر انفورسمنٹ نے اس موقع پر کہا کہ FGEHA اور رہائشیوں کے درمیان براہ راست رابطہ مسائل کے بروقت حل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ رہائشیوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل کو سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے اور قابل عمل شکایات کے ازالے کے لیے متعلقہ شعبوں کو متحرک کیا جائے گا۔انہوں نے رہائشیوں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔رہائشیوں کی جانب سے FGEHA حکام کو کھلی کچہری کے انعقاد پر سراہتے ہوئے کہا گیا کہ اس طرح کے براہ راست رابطے سے نہ صرف مسائل کی نشاندہی بہتر انداز میں ہوتی ہے بلکہ ان کے حل کے لیے مؤثر اور فوری اقدامات کی راہ بھی ہموار ہوتی ہے۔اس موقع پر ریزیڈنٹس نمائندگان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ سیکٹر کی بہتری، صفائی، انفراسٹرکچر اور دیگر بنیادی سہولیات کے حوالے سے FGEHA کے متعلقہ حکام کے ساتھ مثبت اور تعمیری تعاون جاری رکھیں گے ۔کھلی کچہری میں مارکیٹ ٹریڈ یونین کے نمائندگان نے بھی شرکت کی اور مارکیٹ سے متعلق مختلف مسائل اور تاجروں کے تحفظات FGEHA حکام کے سامنے پیش کیے ۔اس موقع پر آصف صاحب، سیف اللہ صاحب اور فضل شاہ صاحب نے مارکیٹ کے مسائل کی نمائندگی کرتے ہوئے متعلقہ امور سے آگاہ کیا۔ڈائریکٹر انفورسمنٹ نے اس موقع پر واضح کیا کہ مارکیٹس میں ہونے والے انفورسمنٹ آپریشنز بلاامتیاز اور یکساں طور پر (Across the Board) کیے جائیں گے ۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قسم کی غیر قانونی تجاوزات یا سرکاری اراضی پر غیر مجاز قبضہ/تعمیرات کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور قانون و ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ FGEHA کی جانب سے انفورسمنٹ کے معاملات میں شفافیت، یکساں پالیسی اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے گا، جبکہ جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ رابطہ اور مشاورت کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے گا۔کھلی کچہری کے اختتام پر اس امید کا اظہار کیا گیا کہ آج سامنے آنے والے مسائل پر عملی پیش رفت ہوگی اور FGEHA حکام اور سیکٹر کے رہائشیوں اور تاجروں کے درمیان رابطے کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ G-13 کو مزید بہتر، صاف ستھرا اور رہائشیوں کے لیے ایک مثالی سیکٹر بنایا جاسکے۔

بقیہ 6

یہ کتاب دس سالہ طویل تحقیق کا نچوڑ ہے جو ضلع سرگودھا کے علاقہ میں سکندر اعظم کی واپسی کے اصل اور گمشدہ راستے کی نشاندہی کرتی ہے ۔مصنف کے مطابق کتاب میں اس راستے پر واقع آریہ تہذیب کے دور اول کی قدیم بستیوں، 70 سے زائد قدیم ٹیلوں، کرانہ پہاڑی سلسلہ کی تاریخی حیثیت اور کھوکھر، بھرت اور سوبھی قبائل کا رگ وید اور مہابھارت میں ذکر جیسے اہم انکشافات کو مستند تاریخی حوالوں کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔احمد نعیم ملک نے کہا کہ یہ کتاب بطور خاص یونیورسٹی آف سرگودھا کے اساتذہ اور طلبہ کے لیے نہایت اہم ہے ، کیونکہ یہ شعبہ آثار قدیمہ (آرکیالوجی)، تاریخ، جی آئی ایس، جیالوجی، جغرافیہ، لسانیات اور دیگر متعلقہ شعبوں میں مزید تحقیق کے لیے متعدد نئے دروازے کھولتی ہے۔سرگودھا کے علاقہ میں موجود یہ قدیم انسانی بستیاں ہڑپہ اور ٹیکسلا جیسی تہذیبوں کی ہم عصر ہو سکتی ہیں۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر تصور حیات نے کتاب کو سرگودھا کی تاریخ پر ایک گراں قدر اضافہ قرار دیا۔انہوں نے مصنف کی کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ مقامی تاریخ پر اس نوعیت کی مستند تحقیق طلبہ میں تحقیق کا شوق پیدا کرے گی اور یونیورسٹی اس موضوع پر مزید تحقیقی منصوبوں کو سپورٹ کرے گی۔انہوں نے یقین دلایا کہ کتاب کو یونیورسٹی لائبریری اور متعلقہ شعبہ جات میں تحقیقی حوالے کے طور پر رکھا جائے گا۔آخر میں مصنف نے وائس چانسلر کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 7

ڈی پولیس اور ڈاکوؤں میں مقابلہ کے دوران دو ڈاکو ساجد ولد شبنگ نول ساکن مانگا منڈی، عرفان لیاقت ولد لیاقت اوڈھ ساکن 42 ٹو ایل کو شدید زخمی حالت میں گرفتار کر لیا تھا اور ملزم محمد کاشف ساتھیوں پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گیا۔محمد کاشف ولد شہامند علی سیال ساکن بڈھ ڈھکو گرفتار کرلیا۔اور ملزم کی نشاندہی پر سی ڈی پولیس کے حبیب اقبال خاور سب انسپکٹر پولیس چوکی سندر

اڈہ نے وارداتوں میں استعمال ہونے والا پسٹل 30 بور برآمد کرلیا اور سی سی ڈی نے ایک اور مقدمہ 13 اے دو اسلحہ آرڈیننس درج کر کے ملزم کو جیل بھیج دیا۔

بقیہ 8

شرکت کرنے والی نمایاں شخصیات میں پیر سید شبیہ الحسن گیلانی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے فوکل پرسن سردار عبدالقیوم، پروفیسر جمشید علی، سابق ناظم۔راجہ نوید سجاد، ممتاز سماجی شخصیت نعیم مرزا، مرکزی انجمن تاجران صدر راجہ جواد، سابق ناظمین عبدالغفور کیانی اور جہانگیر بھٹی، چیئرمین مرزا واجی، حاجی رمضان چشتی، چوہدری عامر خورشید، راجہ حبیب کلرسیداں، ثاقب قریشی، سید ذوالفقار شاہ، چوہدری صابر آف کل پیڑہ۔حمزہ ثمر، پوٹھوہار پریس کلب کے صدر راجہ اقبال، سابق صدر عامر وزیر ملک، سابق صدر احمد نواز کھوکھر اور جرنلسٹس چوہدری فرزند علی۔راجہ عمر لطیف۔عبدالستار نیازی۔ طلعت سیال، ملک راشد، مرزا ندیم، مرزا رفعت محمود، مرزا ظفر، زعفران قریشی، آصف، شیخ عبدالقدوس، منیر کھوکھر، راجہ باسط، ملک شفقت، چوہدری شفقت، ماسٹر غفور، راجہ نوید چوہان، حافظ احتشام، ملک شاہد، راجہ عاقب سرفراز، مرزا طارق اور دیگر شامل تھے ۔شرکاء نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 9

صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے کی۔اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اپریل 2026 میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں پاکستان نے پاک خلیج تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔پاکستانی حکام نے بتایا کہ معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی۔پاکستان نے قطر سے ہڈی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔پاکستانی حکام کے مطابق گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تکنیکی دستاویزات قطر کو فراہم کردی گئی ہیں۔اجلاس میں پاکستان سے قطر کو سرکاری سطح پر چاول کی فراہمی کے مجوزہ معاہدے پر بھی بات چیت ہوئی۔ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور قطر کی حساد فوڈ کے درمیان مجوزہ معاہدہ منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوا دیا گیا ہے۔پاکستان نے قطر کو جدید زراعت، اناج ذخیرہ کرنے، کولڈ اسٹوریج اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔دونوں ممالک کے درمیان غذائی تحفظ کے لیے پائیدار سپلائی انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں الیکٹرک گاڑیوں اور نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں کی صنعت میں سرمایہ کاری، مشترکہ تیاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی شراکت داری کے مواقع بھی زیر غور آئے۔پاکستان نے قطر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور آئی ٹی خدمات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔پاکستان اور قطر کے درمیان بحری نقل و حمل اور شپنگ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔پاکستان نے آئل ٹینکرز، ایل این جی کیریئرز اور کنٹینر جہازوں کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پیش کیے۔پاکستان نے مجوزہ نئی کراچی حیدرآباد موٹروے کو قطری سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم منصوبے کے طور پر پیش کیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے بندرگاہوں کے درمیان رابطہ کاری اور وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ علاقائی تجارت کو فروغ ملے گا۔قطر نے پاکستان کے ساتھ سول ایوی ایشن اور فضائی روابط میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا، جبکہ پاکستان نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا۔اجلاس میں مجوزہ سرمایہ کاری فنڈ اور مختلف ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔پاکستان نے زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور دیا۔پاکستانی حکام کے مطابق ان گروپس کے لیے پاکستان کے نمائندوں کی تفصیلات قطر کو فراہم کردی گئی ہیں، جبکہ قطر سے بھی نمائندوں کی نامزدگیاں جلد مکمل کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ورکنگ گروپس تیسرے اجلاس سے قبل تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع سے متعلق مختلف شعبوں میں پیش رفت کی رپورٹس تیار کریں گے۔پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا تیسرا اجلاس پاکستان میں منعقد ہوگا۔اجلاس کے اختتام پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطری وزیر مملکت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے مشترکہ ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس کے منٹس پر باضابطہ دستخط کیے۔دریں اثناء وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے دوحہ میں ورلڈ انویسٹمنٹ فورم کی سربراہ نان لی کولنز سے بھی ملاقات کی۔ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال، عالمی اقتصادی چیلنجز، علاقائی تعاون، اقتصادی روابط اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 10

طور پر 213 کیسز پکڑ لئے، پکڑے جانے والے کیسز میں سافٹ ویئر بریچ کے 193 اور لوڈ پروفائل بریک کے 20 کیسز شامل ہیں۔ساؤتھ سرکل سے 81، قصور سے 77، ایسٹ سرکل سے 34 اور اوکاڑہ سے 1 کیس رپورٹ ہوا،اسی طرح لوڈ پروفائل بریک کا ایسٹ سرکل سے 16، ساؤتھ سے 2، قصور سے 1 اور اوکاڑہ سے 1 کیس پکڑا گیا۔بجلی چوروں کے خلاف متعلقہ تھانوں میں ایف آئی آرز درج کرانے اور قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔سی ای او لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کے مطابق سافٹ ویئر بریچ اور لوڈ پروفائل ٹیمپرنگ کرنے والے خزانے اور مخلص صارفین کے دشمن ہیں، بجلی چوری میں ملوث عناصر سے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، بجلی چوروں کے خلاف لیسکو کی زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد جاری رہے گا۔

بقیہ 11

اے نے نورس اٹلانٹک ایئرلائن سے حاصل کردہ دونوں طیارے برطانیہ اور یورپ کے فضائی آپریشن کے لیے حاصل کیے ہیں۔پاکستان آمد سے قبل پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے طیاروں کی ضروری جانچ پڑتال شروع کی، جبکہ پہلے طیارے کی انسپکشن مکمل کرکے آپریشن کی اجازت دے دی گئی ہے۔پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل نادر شفیع ڈار کی سربراہی میں وفد نے اوسلو ایئرپورٹ پر طیارے کا معائنہ کیا۔جانچ پڑتال مکمل ہونے کے بعد پہلے طیارے کو پاکستان کے لیے آپریشن کی اجازت دے دی گئی، جبکہ دوسرے طیارے کا معائنہ پیر کو اوسلو ایئرپورٹ پر کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق دونوں طیاروں کی انسپکشن مکمل ہونے کے بعد انہیں لندن روانہ کیا جائے گا۔پی آئی اے 31 اکتوبر کو بوئنگ 787 ڈریم لائنر کے ذریعے لندن سے اسلام آباد کے لیے پرواز پی کے 786 آپریٹ کرے گی، جو یکم نومبر کو مسافروں کو لے کر اسلام آباد پہنچے گی۔بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے میں 358 مسافروں کے بیٹھنے کی گنجائش ہے۔نئے طیاروں کی شمولیت سے مسافروں کو بہتر اور معیاری سفری سہولتیں فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ذرائع کے مطابق پی آئی اے 31 اکتوبر کو جدید طیارے کے ساتھ اپنے نئے یونیفارم بھی متعارف کرائے گی۔قومی ایئرلائن نے یہ دونوں طیارے ابتدائی طور پر چھ ماہ کے لیے ویٹ لیز پر حاصل کیے ہیں۔

بقیہ 12

بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آسٹریا کے صدر ڈاکٹر الیگزینڈر وان ڈیر بیلن کے نام اپنے خط میں ان کی صحت و تندرستی اور آسٹریا کے عوام کی مسلسل ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان اور آسٹریا کے درمیان باہمی احترام، خیرسگالی اور امن، استحکام اور بین الاقوامی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی دیرینہ اور دوستانہ تعلقات قائم ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک دوطرفہ اور کثیرالجہتی سطح پر تعمیری روابط برقرار رکھے ہوئے ہیں جو دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور آسٹریا کے درمیان دوستی کے رشتے مزید مستحکم ہوں گے، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے مزید قریب آئیں گے۔

بقیہ 13

دوسری پوزیشن حاصل کر لی جبکہ انفرادی مقابلے میں کیپٹن طلحہ نے 100 سے زائد عالمی پائلٹس کے درمیان دوسری پوزیشن حاصل کر کے چاندی کا تمغہ اپنے نام کرلیا،مقابلے میں میزبان ملک ترکیہ نے پہلی، پاکستان نے دوسری اور اٹلی نے تیسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ فرانس چوتھے نمبر پر رہا۔انٹرنیشنل ملٹری ڈرون مقابلے میں شریک پائلٹس کی مہارت، رفتار اور رکاوٹوں والے ٹریک پر ڈرون اڑانے کی صلاحیت کا جائزہ لیا گیا، عالمی سطح پر ہونے والے اس مقابلے میں پاکستانی ملٹری ڈرون ٹیم نے اپنی مہارت، درستگی اور مسابقتی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔مقابلے میں پاکستان کی کامیابی افواج پاکستان کی پیشہ ورانہ مہارت اور جدید دفاعی ٹیکنالوجی کے میدان میں صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت قرار دیا گیا ہے،ٹیم کی مجموعی کارکردگی اور کیپٹن طلحہ کی انفرادی کامیابی نے عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔

بقیہ 14

لیے اراضی فراہم کرے گی۔چیئرمین پی سی بی و وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ تھیم پارک پراجیکٹ کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے لیے آئے سعودی عرب سے آئے معزز مہمانوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں۔اسلام آباد کے انفراسٹرکچر کو جدید ترین شہروں کی طرز پر استوار کیا جا رہا ہے۔سعودی سرمایہ کاروں کو ممکن سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔تھیم پارک ایک گیم چینجر پراجیکٹ ثابت ہوگا۔اگلے چند ماہ میں سعودی عرب میں ریئل اسٹیٹ کے حوالے سے روڈ شو کا بھی پلان ہے۔شہزادہ منصور بن محمد السعود نے کہا کہ پاکستان خصوصاً اسلام آباد میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع ہیں۔سی ڈی اے کے ممبران اور سعودی وفد کے اراکین بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 15

اسمبلی میں پیش کرے گی جبکہ کچھ بلز میں سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں ترامیم ہوں گی۔آئی ایم ایف کی شرائط پر بھی بعض قوانین میں ترامیم کی جائیں گی۔حکومت نے پیپلز پارٹی کو ان بلز پر اعتماد میں لے لیا ہے۔

بقیہ 16

ریکارڈ سطح تک پہنچ گئے۔2022 سے 2025 کے بیشتر عرصے میں ٹینکرز کے یومیہ کرائے 20 ہزار سے 50 ہزار ڈالر کے درمیان تھے۔ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ مال برداری کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث عالمی سطح پر تیل کی ترسیل مزید مہنگی ہوگی۔

بقیہ 17

پاکستان میں عسکریت پسندوں کے حملوں میں گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 38 فیصد کمی ہوئی،16 سے 22 اکتوبر تک دہشت گرد حملوں میں زخمی افراد کی تعداد بھی گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 20 سے کم ہوکر 11 رہ گئی۔پی آئی سی ایس ایس کی رپورٹ کے مطابق سیکورٹی فورسز نے 10 آپریشنز کے دوران 33 عسکریت پسندوں کو جہنم واصل کیا۔رپورٹ میں فتنۃ الہندوستان میں قیادت کے تنازع اور فتنۃ الخوارج کی بدلتی پراپیگنڈہ حکمت عملی کے اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 18

خٹک نے سیاست میں طویل اننگز کھیلی ہیں، پرویز خٹک اپنے دور میں اپوزیشن کے ساتھ مل کر صوبے کی ترقی کیلئے کام کرتے تھے، باہمی مشاورت سے صوبے کو آگے لے جانے اور ترقی کے لیے کام کرنا ہے۔گورنر کے پی نے کہا کہ مختلف سیاسی قائدین سے ملاقاتوں کا مقصد وفاق کے ساتھ مسائل کے حل کی راہیں تلاش کرنا ہے، وفاق کے ساتھ مل کر ایک پیج پر کام کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پشاور میں اپیکس کمیٹی کا تاریخی اجلاس منعقد ہوا، وزیراعظم نے دورہ پشاور کے موقع پر مختلف مسائل سنے، حل کے لیے اقدامات بھی کیے۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا اور دہشتگردی کا خاتمہ ہماری ترجیحات ہیں۔دستیاب وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لا کر صوبے کی ترقی یقینی بنانا ہوگی۔پرویز خٹک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فیصل کریم کنڈی سے دیرینہ تعلقات ہیں، ان سے صوبے کے مسائل پر تفصیلی بات ہوئی، اپنے دور حکومت میں جو کام شروع کیے اب ان کو آگے لیکر جانا ہے۔

بقیہ 19

کررہا، بیٹا جب گھر آتا ہے مسلسل سوتا رہتا ہے۔بیٹے کو بلاکر پوچھا تو اس نے پریشانی کے عالم میں بتایا کہ گھر کے سامنے رہائشی عاطف رزاق نے مجھے دو ماہ قبل سامان اٹھانے گھر بلوایا، بیٹھک میں لے گیا اور مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔ملزم ویپ پلا کر مختلف اوقات میں مبینہ زیادتی کا نشانہ بناتا رہا، دو روز پہلے بھی عاطف رزاق نے بیٹھک میں بلوا کر وہی اقدام کیا اور پھر مجھے ساتھ لیکر سروس روڈ چلا گیا اور 7 بجے چھوڑا۔پولیس نے کہا کہ مقدمہ درج کر لیا گیا ہے تفتیش میں مصروف ہیں۔

بقیہ 20

آٹے کی بوری 8 ہزار روپے سے تجاوز کرگئی۔کوئٹہ میں سبزیوں، گوشت اور دودھ کی قیمتوں میں بھی بیس فیصد تک اضافہ ہوگیا ہے، شہریوں نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کیا ہے۔دریں اثناء عمان سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) لے کر آنے والے 2 بحری جہاز پاکستان پہنچے جس کے بعد ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی کے امکانات روشن ہوگئے ہیں۔ذرائع کے مطابق پاکستان پہنچنے والے دونوں بحری جہاز مجموعی طور پر 7 ہزار 603 میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچے۔ایس ایس جی سی کے ٹرمینل پر پرائینس نامی جہاز نے 4 ہزار 250 میٹرک ٹن جبکہ اینگرو ٹرمینل پر الیسا ون نامی جہاز نے 3 ہزار 83 میٹرک ٹن ایل پی جی آف لوڈ کی۔ذرائع کے مطابق (آج) پیر سے ایران کے سرحدی راستے سے بھی ایل پی جی کی رکی ہوئی ترسیل شروع ہونے کا امکان ہے۔مارکیٹ ذرائع کے مطابق ایل پی جی کی سپلائی میں بہتری آنے سے قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔

بقیہ 21

پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی کشمور ایٹ کندھکوٹ محمد مراد گھانگھرو کی ہدایات پر منشیات کے

خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ گڈو منظور احمد لغاری اور ان کی ٹیم نے دوران گشت تھانہ گڈو کی حدود میں کارروائی کرتے ہوئے مشتبہ شخص کو حراست میں لیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت سوالی مزاری ولد میو مزاری کے نام سے ہوئی ہے جس کے قبضے سے دوران تلاشی 2 ہزار گرام چرس برآمد کی گئی پولیس نے واقعے کا مقدمہ نمبر 94/2026 انسداد منشیات ایکٹ کی دفعہ (3)9 کے تحت تھانہ گڈو میں درج کرلیا ہے کشمور پولیس کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں منشیات کی روک تھام اور اس مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 22

ہوئے، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 575 مقدمات رپورٹ ہوئے تھے۔اعداد و شمار کے مطابق سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال 96 مقدمات درج ہوئے، جبکہ رواں سال یہ تعداد بڑھ کر 110 ہوگئی۔کینٹ ڈویژن میں نسبتاً کمی ریکارڈ کی گئی جہاں گزشتہ سال 166 کے مقابلے میں رواں سال 148 مقدمات درج ہوئے۔سول لائنز ڈویژن میں بدفعلی کے مقدمات کی تعداد 30 سے بڑھ کر 42 ہوگئی، جبکہ صدر ڈویژن میں گزشتہ سال 115 کے مقابلے میں رواں سال 142 مقدمات رپورٹ ہوئے۔پولیس ریکارڈ کے مطابق اقبال ٹاؤن ڈویژن میں سب سے زیادہ اضافہ میں سے ایک ریکارڈ کیا گیا، جہاں گزشتہ سال 62 کے مقابلے میں رواں سال مقدمات کی تعداد 110 تک پہنچ گئی۔اسی طرح ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں گزشتہ سال 106 مقدمات درج ہوئے تھے، جبکہ رواں سال یہ تعداد بڑھ کر 118 ہوگئی۔پولیس ریکارڈ کے مطابق لاہور کے بیشتر ڈویژنوں میں کم عمر بچوں کے ساتھ بدفعلی کے مقدمات میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ کینٹ ڈویژن میں کمی سامنے آئی ہے۔

بقیہ 23

سب سے پہلے خود پر کروں گا۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وفاق کے ساتھ ہم آہنگی خیبر پختونخوا کے لیے خوش آئند ہے، صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ ایک پیج پر آگئے ہیں، خیبر پختونخوا وفاق کے تعاون کے بغیر نہیں چل سکتا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے کو درپیش مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے۔ 6 ماہ کا عرصہ بہت ہوتا ہے، سب کو مل کر دہشتگردی کے خلاف جنگ لڑنی ہے۔گورنر کے پی نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلاب لانا ہوگا، اداروں میں حقیقی بہتری کے لیے انقلابی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 24

اینٹی کرپشن ساہیوال سرکل میں مقدمہ درج کرا لیا گیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال نے تھانیدار خالد پرویز کو معطل کر کے لائن حاضر کر دیا۔تفصیلات کے مطابق 10 اپریل 2026 کو چک 5 چودہ ایل کے نذیر احمد نے اسکی گائے مالیت چار لاکھ روپے خرد برد کرنے اور دھوکہ دہی کے الزام میں ایک مقدمہ محمد نواز اور اسکے بیٹے محسن نواز کے خلاف درج کرایا مقدمہ چالان کرنے کے لیے تھانیدار نے دوران تفتیش دس ہزار روپے رشوت وصول لے لی اور تفتیش میں مدعی نذیر احمد کا موقف تحریر نہ کیا بلکہ ملزموں سے ساز باز ہو کر ملزموں کو فائدہ پہنچایا جس پر ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ساہیوال کے حکم پر انکوائری کے بعد 22 ستمبر 2026 کو پولیس سب انسپکٹر سوال خالد پرویز کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا معاملہ ڈی پی او کے نوٹس میں آنے کے بعد تھانیدار خالد پرویز کو معطل کر دیا گیا۔کرپشن کے مقدمہ میں ملزم تھانیدار مفرور ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال نے کرپشن کے الزامات پر تھانہ غلہ منڈی کے سب انسپکٹر محبوب خاں کی تنزلی کر کے اے ایس آئی بنادیا اور دوسری شکایات پر نوکری سے برخاست کر دیا ہے۔

بقیہ 25

چھوڑنے والی کار پر 4 ہزار اور کمرشل گاڑی پر 5 ہزار روپے جرمانہ ہوگا۔اور لوڈنگ پر جرمانہ 2 ہزار سے بڑھا کر 7 ہزار روپے کر دیا گیا ہے، اسی طرح غلط پارکنگ پر جرمانہ 1 ہزار سے بڑھا کر 2 ہزار روپے مقرر کیا گیا ہے، کم عمر ڈرائیونگ پر 10 ہزار روپے جرمانہ ہوگا جبکہ بلیک پیپر کے استعمال اور غیر نمونہ یا بغیر نمبر پلیٹ پر 5 ہزار روپے جرمانہ ہوگا۔رنگ روڈ پر موٹر سائیکل کے داخلے پر 5 ہزار روپے جرمانہ مقرر کردیا گیا ہے، پیدل رنگ روڈ عبور کرنے پر جرمانہ 200 سے بڑھا کر 1 ہزار روپے کر دیا گیا ہے، رنگ روڈ پر جانور لانے کی صورت میں مالک کو 5 ہزار روپے جرمانہ ہوگا جبکہ اوور سپیڈنگ پر 2 ہزار سی سی تک گاڑیوں کو 5 ہزار اور اس سے زائد گاڑیوں کو 10 ہزار جرمانہ ہوگا۔رنگ روڈ پر دوران ڈرائیونگ موبائل استعمال اور سیٹ بیلٹ کی خلاف ورزی پر 500 کی بجائے 3 ہزار جرمانہ مقرر کیا گیا ہے، انڈرایج ڈرائیونگ پر 10,000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔

بقیہ 26

کہ چائلڈ پورنوگرافی میں ملوث گینگ میں ایک ملزم خود ہی اپنے بچوں کی ویڈیوز رقم کے عوض بیچ رہا تھا، ملزم کا تعلق اسکردو سے تھا جبکہ گینگ کا ٹارگٹ 6،7 سال سے لے کر 15 سال تک کے بچے تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں اس طرح کی چیز کبھی سامنے نہیں آئی، بچوں کی نازیبا ویڈیوز ٹیلی گرام کے ذریعے فروخت کی جاتی تھیں۔محمد شعیب خان نے کہا کہ اس نیٹ ورک کی تحقیقات میں بچوں کے جنسی استحصال کے ساتھ جانوروں پر تشدد اور زیادتی کی ویڈیوز بنانے کا معاملہ بھی سامنے آیا۔انہوں نے کہا کہ عالمی فورمز کے تعاون سے ایک ماہ تک تحقیقات جاری رہیں جبکہ ملتان، اسلام آباد اور جنوبی پنجاب میں مزید تفتیش کی جارہی ہے۔ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے کہا کہ پورے ملک کے اسکولوں اور یونی ورسٹیز میں آگہی مہم شروع کرنے جا رہے ہیں، جو والدین بچوں کے جرائم معلوم ہونے پر بھی رپورٹ نہیں کر رہے، ان کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔حکام کے مطابق سائبر جرائم کی شکایات کے لیے ہیلپ لائن 1799 بھی فعال ہے۔محمد شعیب خان نے کہا کہ این سی سی آئی اے اسلام آباد نے کال سینٹرز پر کریک ڈاون کیے، کال سینٹر چھاپوں میں 5 سے 6 ہزار ارب روپے کا فراڈ پکڑا گیا، کسی کو اپنا او ٹی پی پن مت دیں۔انہوں نے کہا کہ بینک کی جعلی ویب سائٹس بنی ہوئی ہیں، آپ کو لگے گا یہی اصل ویب سائٹ ہے۔

بقیہ 27

ہوگیا۔تفصیلات کے مطابق پولیس یوسف والا کی ایک پارٹی نے پل پرناکہ لگا رکھا تھا کہ دو موٹر سائیکل سواروں کو روکا تو ملزموں نے پولیس پر سیدھی فائرنگ کردی پولیس نے حفاظتی اوٹ لے کر جوابی فائرنگ کی فریقین کے درمیان گولیوں کا تبادلہ رک جانے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران ایک ڈاکو محمد سرفراز ولد محمد شریف اوڈھ ساکن 38 ڈی دیپالپور زخمی حالت میں پڑا پایا گیا جسے پولیس نے حراست میں لے لیا اور ملزم کو ریسکیو 1122 کے ذریعے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ساہیوال منتقل کردیا موقع سے ایک 30 بور پسٹل اور گولیوں کے خول برآمد ہوئے دوسرا ملزم موٹر سائیکل سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔دوران تفتیش سرفراز ڈکیتی کی وارداتوں کا مفرور نکلا۔پولیس یوسف والا نے مقدمہ 324,353,186 اور 34 ت پ اور 13 اے دو اسلحہ آرڈیننس درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔اور فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیم روانہ کردی ہے۔

بقیہ 28

وکاروباری حب بنایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (جے سی سی آئی) کے نومنتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے بطور مہمان خصوصی خطاب کے دوران کیا۔تقریب میں صدر انجمن تاجران ملک محمد اقبال، نومنتخب صدر جہلم چیمبر اظہر ڈار، سینئر نائب صدر عبدالغفور بٹ، نائب صدر ندیم خان، سابق صدر زاہد بٹ، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، صنعت کاروں، تاجر برادری اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔وزیر مملکت نے نئی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے کاروباری شعبے میں خواتین کے کردار کی تعریف کی۔بلال اظہر کیانی نے کہا کہ سمیڈا کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو فزیبلٹی کی تیاری، فیکٹریوں کے قیام کے لیے فنانسنگ اور ووکیشنل ٹریننگ کی مکمل معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ لاہور تا راولپنڈی موٹروے کا منصوبہ کھاریاں اور جہلم سے گزرتے ہوئے آئندہ دو سے تین سالوں میں مکمل کر لیا جائے گا جس سے خطے میں صنعتی اور تجارتی ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔وزیر مملکت نے جہلم چیمبر پر زور دیا کہ وہ سیالکوٹ کے تاجروں کی طرح باہمی اتحاد، ٹھوس تیاری اور فیکٹس کی بنیاد پر انڈسٹریل اسٹیٹ اور نئے منصوبوں کا ورکنگ پیپر تیار کریں۔انہوں نے اعلان کیا کہ تاجر برادری ایک ماہ کے اندر قابل عمل فزیبلٹی لائے وہ نہ صرف اس کی خود نگرانی کریں گے بلکہ اسٹیٹ بینک، ایف بی آر، وزارت تجارت اور دیگر وفاقی اداروں میں جہلم کے مفادات کے وکیل بن کر کیس لڑیں گے تاکہ مقامی سطح پر کارخانے لگیں اور نوجوانوں کو اپنے ہی ضلع میں روزگار میسر آئے۔

بقیہ 29

ڈیزل آئل 7 روپے 78 پیسے فی لیٹر مہنگا کر دیا گیا اور نئی قیمت 275 روپے 24 پیسے فی لیٹر ہوگئی جبکہ مٹی کا تیل 4 روپے 21 پیسے فی لٹر مہنگا ہو کر 330 روپے 96 پیسے فی لیٹر مقرر ہوگئی۔دوسری جانب 24 اکتوبر سے 26 اکتوبر تک پٹرول کی قیمت 377 روپے 71 پیسے برقرار رکھی گئی جبکہ ڈیزل ایک روپیہ 91 پیسے فی لیٹر مہنگا ہو کر 393 روپے 66 پیسے فی لیٹر ہوگیا۔

بقیہ 30

پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔درخواست میں علیمہ خان، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی بازیابی کی استدعا کی گئی ہے۔

بقیہ 31

مالی تنازع چل رہا تھا، جس کے لیے اس نے سعد اور اس کی بیوی کو 2 لاکھ 40 ہزار روپے دے کر باقاعدہ منصوبہ تیار کیا تھا۔منصوبے کے مطابق میاں بیوی نے مخصوص مقام پر جا کر پولیس کو ڈکیتی اور زیادتی کی اطلاع دی، جس پر پولیس نے ابتدائی طور پر مقدمہ درج کیا، مگر میڈیکل رپورٹ میں زیادتی کے شواہد نہیں ملے۔پولیس نے تکنیکی شواہد اور جیوفینسنگ کے ذریعے عابد اور میاں بیوی کے رابطوں کا سراغ لگا لیا۔پولیس نے تفتیش کے دوران عابد کو گرفتار کیا تو اس نے مخالفین کو پھنسانے کے لیے سازش تیار کرنے کا اعتراف کر لیا۔پولیس کی جانب سے میاں بیوی کے خلاف مقدمہ درج کر کے ان کی تلاش میں چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 32

رائے ونڈ میں دکاندار من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں۔غریب مزدور طبقہ جو پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے، ایل پی جی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری نرخ 250 سے 280 روپے فی کلو ہے مگر رائے ونڈ میں 600 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں۔متعدد بار ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو شکایات کے باوجود کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔سماجی و عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر لاہور اور اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ سے فوری نوٹس لے کر گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 33

مکمل ہونے کے بعد دونوں لاشوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال فتح جنگ منتقل کر دیا گیا۔دوسرے واقعے میں اٹک میں جے ڈاٹ کے قریب کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے گوندل کے رہائشی 36 سالہ بلال احمد ولد محمد حیات اور ان کی اہلیہ زخمی ہوگئیں۔کار سوار موقع سے فرار ہو گیا۔ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال اٹک منتقل کر دیا۔تیسرے واقعے میں حضرو کے گوندل چوک پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے گوندل گاں کا رہائشی 32 سالہ ارباز احمد ولد قاضی لیاقت زخمی ہو گیا۔نوجوان کی بائیں ٹانگ میں گولی لگی، جسے ابتدائی طبی امداد کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال حضرو منتقل کر دیا گیا۔فائرنگ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

بقیہ 34

رولز 1969 کے رول (1)266 اور (2)266 کے تحت ان کے لائسنس منسوخ کر کے اڈے سیل کر دیے گئے اور سیکرٹری آر ٹی اے کی ہدایت پر تینوں ٹرانسپورٹ اڈوں سے چلنے والی 8 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لاری اڈا منتقل کر دیا گیا۔اس حوالہ سے واضح کیا ہے کہ یونیورسٹی روڈ پر 47 پل کے قریب قائم تین ٹرانسپورٹ اڈوں کے لائسنس منسوخ کر کے انہیں بند اور سیل کرنے کے بعد ان اڈوں سے چلنے والی 8 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لاری اڈا منتقل کیا گیا جہاں سے تمام سروسز معمول کے مطابق جاری ہیں۔ترجمان نے وضاحت کی کہ ٹرانسپورٹ اڈوں کی بندش کے باعث کسی کمپنی کی سروس معطل نہیں ہوئی اور گوجرانوالہ سمیت دیگر شہروں کے لیے چلنے والی ٹرانسپورٹ سروسز اب 47 پل کی بجائے لاری اڈا سے فراہم کی جا رہی ہیں اور لاری اڈا میں مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ انہیں آمد و رفت میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 35

خلاف جنسی جرائم پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے اور ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ڈی پی او بلال ظفر شیخ کے مطابق گرفتار ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ 36

فونز برآمد کیے گئے۔ترجمان کے مطابق ملزمان غیر ملکی شہریوں کو موبائل فون اپ گریڈ کرنے اور سستے پیکجز کی پیشکش کے نام پر دھوکا دیتے تھے۔ملزمان جعلی ایپ کے ذریعے رجسٹرڈ ریسورٹس کا ڈیٹا ہیک کرتے اور ہفتہ وار ادائیگیاں اپنے اکاؤنٹس میں منتقل کر لیتے تھے۔این سی سی آئی اے کے مطابق ملزمان کی جانب سے حاصل کی گئی رقم ٹریڈنگ اور منی ٹرانسفر ایپس کے ذریعے منتقل کی جاتی تھی۔ترجمان نے کہا کہ ملزمان کی سرگرمیوں سے پاکستان کی ڈیجیٹل ساکھ کو نقصان پہنچا۔

بقیہ 37

فراہمی اور سیوریج کے مسائل سے متعلق عوامی آگاہی پر توجہ دی گئی۔پرنسپل الجزاری واٹر اکیڈمی ڈاکٹر صوبان خالد نے کہا کہ پانی، صفائی اور حفظان صحت کے شعبے میں نچلی سطح تک آگاہی پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے پی آر اوز پر زور دیا کہ وہ دیانت داری، وقار اور محنت کے ساتھ اس شعبے میں نمایاں کردار ادا کریں۔تربیتی سیشن کے دوران پروفیسر ڈاکٹر عدیل احمد عامر اور حافظ باسط علی نے شرکا کو کراس میڈیا اور ڈیجیٹل میسجنگ کے حوالے سے تربیت فراہم کی، تاکہ عوام تک

معلومات مؤثر انداز میں پہنچائی جاسکیں۔تقریب کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفیکیٹس جبکہ تربیت فراہم کرنے والے ماہرین میں شیلڈز تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 38

سے براہ راست رابطے کی متعدد کوششیں کیں، کامیابی نہیں ہوئی، مختلف فورمز اور حکومتی نمائندوں کے ذریعے پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی پر تحفظات سے آگاہ کیا، حنا جاوید پر تشدد اور نعش مسخ کیے جانے کی شدت نفرت کی عکاسی کرتی ہے۔اہل خانہ نے کہا کہ حنا جاوید کے گلے پر فیصل اور اس کے والد کا ڈی این اے ملا ہے، حنا جاوید کے سسرنے ابتدا میں گھر میں چوری کا بتایا تھا، حنا جاوید اور ملزمان کے موبائل فونز کی فرانزک رپورٹس تا حال زیر التوا ہیں، موبائل فون سے اہم پیغامات ڈیلیٹ کیے گئے، فورنزک رپورٹس اور فنگر پرنٹس کے نتائج آنے سے پہلے ہی تفتیش کا رخ گھریلو ملازم کی جانب موڑا گیا۔حنا جاوید کے اہل خانہ کے مطابق گھریلو ملازم سفاک قتل میں ملوث ہے تاہم فیصل سے متعلق شواہد نظرانداز کئے جا رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب قتل کیس کی فائل کا تفصیلی جائزہ لیں، ملزم فیصل اصغر سے متعلق شواہد کو نظرانداز کئے جانے کا نوٹس لیا جائے، مقدمہ عدالت میں جانے سے پہلے پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی کسی کو مجرم یا بے گناہ قرار نہیں دے سکتی۔اہل خانہ کے مطابق کسی شخص کے قصوروار یا بے گناہ ہونے کا فیصلہ عدالت نے کرنا ہے، خود ہی تفتیش اور خود ہی فیصلہ سنانا مفادات کے ٹکراؤ کے مترادف ہے، تحقیقاتی کمیٹی کے طریقہ کار سے انصاف ملنے کی توقع نہیں رہی۔

بقیہ 39

فراڈ اور رقوم بٹورنے میں ملوث تھے۔گرفتار ملزمان میں مزمل ولد بدر الدین قریشی اور حمزہ ولد محمد اسلم شامل ہیں۔حکام نے بتایا کہ ملزمان خود کو سینئر فوجی اور سرکاری افسران ظاہر کرتے تھے۔ملزمان نے فوجی اور سرکاری محکموں میں اثر و رسوخ اور تعلقات کا جھوٹا دعویٰ کر کے پاک فوج کے نام اور وقار کا غلط استعمال کیا۔ملزمان شہریوں سے تبادلوں، تقرریوں اور دیگر سرکاری و دفتری امور کے نام پر خود کو مجاز فوجی افسر ظاہر کر کے بھاری رقوم وصول کرتے تھے۔ان جعلی نمائندگیوں کے ذریعے ملزمان نے شہریوں کو دھوکہ دیا اور سرکاری کام کروانے کے جھوٹے وعدے کر کے رقم حاصل کی۔دونوں ملزمان کو رنگی انڈسٹریل ایریا کراچی سے گرفتار کر لیا گیا ہے اور ان کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ 109 "پریونشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ (پیکا) ترمیمی ایکٹ "2025 کی دفعات 13، 14 اور 16 کے تحت ایف آئی آر نمبر 114/2026 درج کرلی گئی ہے۔

بقیہ 40

اپنے 4 سے 5 سالہ معصوم بچوں کی نازیبا ویڈیوز بنا کر ٹیلی گرام کے خفیہ گروپس میں کرپٹو کرنسی کے ذریعے فروخت کرتا تھا، ویڈیوز میں جانوروں سے بدسلوکی کے ہوشربا مناظر بھی شامل ہیں، دوسرے کیس میں ہراسمنٹ سے تنگ بچی کی خودکشی کی کوشش، ملزم 2 سے 3 سال سے بلیک میل کر رہا تھا، شناخت خفیہ رکھنے کی یقین دہانی۔تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی اسلام آباد سرکل نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے چائلڈ پورنوگرافی کے بین الاقوامی نیٹ ورک کو بے نقاب کر کے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا۔ایڈیشنل ڈائریکٹر اسلام آباد سرکل محمد شعیب خان کی زیر نگرانی کارروائی عمل میں لائی گئی۔

بقیہ 41

ڈراپ سین کر دیا، پمپ منیجر، ملازم اور ساتھی ملوث نکلے، واہ کینٹ پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کر کے نقدی 18 لاکھ روپے برآمد کر لی، منیجر نے پمپ کے ملازم اور دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر 18 لاکھ روپے کی ڈکیتی کی واردات کا ڈرامہ رچایا تھا، واہ کینٹ پولیس نے مقدمہ درج کر کے پمپ کے منیجر اور ایک ملازم کو شامل تفتیش کیا تو انہوں نے واردات کا انکشاف کر لیا، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں۔ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نا ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 42

ڈراپ سین کر دیا، پمپ منیجر، ملازم اور ساتھی ملوث نکلے، واہ کینٹ پولیس نے تینوں ملزمان کو گرفتار کر کے نقدی 18 لاکھ روپے برآمد کر لی، منیجر نے پمپ کے ملازم اور دیگر ساتھیوں کے ساتھ مل کر 18 لاکھ روپے کی ڈکیتی کی واردات کا ڈرامہ رچایا تھا، واہ کینٹ پولیس نے مقدمہ درج کر کے پمپ کے منیجر اور ایک ملازم کو شامل تفتیش کیا تو انہوں نے واردات کا انکشاف کر لیا، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں۔ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ ملزمان کتنے ہی شاطر کیوں نا ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 43

بھی زمین پر گر پڑی بچی کا رنگ سیاہ ہونا شروع ہو گیا اور منہ سے جھاگ آنا شروع ہوگئی جس کی حالت ناساز ہوگئی ڈاکٹر یونس نے کہا کہ اسکو بڑے ہسپتال لے جاؤ جسکو میں نے فوری بے نظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی لیکر گیا جہاں پر ڈاکٹرز نے کہا کہ بچی کو کوئی غلط انجکشن لگا ہے جو کہ ری ایکشن کر گیا ہے۔بینظیر بھٹو ہسپتال والوں نے کافی کوشش کی مگر لیکن بچی کی سانس بحال نہ ہو سکی حالت زیادہ خراب ہونے کیوجہ سے میری بھتیجی کی ڈیتھ ہوگئی ہے ڈاکٹر یونس نے سخت زیادتی کی ہے مذکورہ ڈاکٹر کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے۔

بقیہ 44

ٹیموں نے گزشتہ ہفتے کے دوران مختلف کارروائیوں میں سنگین جرائم میں ملوث 267 ملزمان کو گرفتار کیا، جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا گیا۔گرفتار ملزمان میں 180 عدالتی مفرور، مجرمان اشتہاری اور سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان شامل ہیں، جبکہ منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 87 ملزمان کو بھی گرفتار کیا گیا۔گرفتار ملزمان کے قبضے سے 7,072 گرام آئس، 4,533 گرام چرس، 3,670 گرام ہیروئن، 33 بوتلیں شراب، مختلف بور کے 47 پستول معہ ایمونیشن اور پانچ خنجر برآمد کیے گئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔مزید براں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے زونل ایس پیز کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں 49 گرینڈ سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز بھی کیے گئے۔ان کارروائیوں کے دوران 2,482 افراد، 919 گھروں، 324 دکانوں، 122 ہوٹلز، 1,355 موٹرسائیکلوں اور 547 گاڑیوں کی چیکنگ عمل میں لائی گئی۔سرچ آپریشنز کے دوران مزید جانچ پڑتال کے لئے 95 مشکوک افراد، 128 موٹر سائیکل اور گاڑیاں مختلف تھانوں میں منتقل کی گئیں۔

بقیہ 45

ایک لیپ ٹاپ اور آٹھ موبائل فونز برآمد ہوئے، موٹروے پولیس نے مغوی اور تینوں گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ صدر وزیر آباد پولیس کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 46

گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں۔یاد رہے کہ دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت گرنے کے واقعے میں اساتذہ سمیت 35 بچے جاں بحق ہو گئے تھے۔تفتیشی ٹیم کے مطابق عمارت سے متعلق جامع سرکاری رپورٹ بھی متعلقہ محکمے کو ارسال کردی گئی ہے۔

بقیہ 47

کہ زچگی سے قبل ماں کے پیٹ میں بچوں کی موت

کی الٹرا ساؤنڈ میں تصدیق ہو چکی تھی، فیملی کی درخواست ملی ہے جس پر انکوائری کرائی جائے گی۔

بقیہ 48

کو بہتر بنانے کے لیے پی ٹی اے کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات پر تبادلہ خیال کرتا تھا۔اجلاسوں میں پنجاب کے مختلف شہروں سے پی ٹی اے کے اہم لائسنس یافتہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ نے انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والے تمام کیبل آپریٹرز کو پی ٹی اے کے لائسنسنگ نظام کے دائرہ کار میں لانے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے پی ٹی اے کی جانب سے اہل آپریٹروں کو ہر ممکن سہولت اور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی اے کا بنیادی مقصد ملک بھر میں فکسڈ براڈ بینڈ سروسز کے فروغ اور توسیع کو یقینی بنانا ہے

بقیہ 49

کو سرکاری گاڑیوں کی بروقت مینٹیننس یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے ۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسلام آباد پولیس کے مختلف شعبوں کی کارکردگی، انتظامی امور، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران آئی جی اسلام آباد نے افسران کو مختلف امور کے حوالے سے ضروری ٹاسکس تفویض کیے اور ہدایت کی کہ تمام ذمہ داریاں مؤثر حکمت عملی، باہمی رابطے اور مربوط لائحہ عمل کے تحت مقررہ وقت میں مکمل کی جائیں۔انہوں نے پولیسنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے، ادارہ جاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے ، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے اور شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل کو مؤثر انداز میں کام کرنے کی ہدایت کی۔بعد ازاں آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے جاری تزئین و آرائش کے کاموں، داخلی و خارجی راستوں پر سیکورٹی انتظامات اور پولیس افسران و جوانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے عمارتوں کی بہتری، سیکورٹی انتظامات اور رہائشی و دیگر سہولیات کا معائنہ کیا اور متعلقہ امور کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔آئی جی اسلام آباد نے سنٹرل پولیس آفس میں اسلام آباد پولیس کی سرکاری گاڑیوں کا بھی معائنہ کیا اور ان کی فٹنس، تکنیکی حالت اور دیکھ بھال کے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام سرکاری گاڑیوں کی بروقت مینٹیننس یقینی بنائی جائے اور انہیں ہمہ وقت پولیس آپریشنز اور دیگر سرکاری ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لیے موزوں حالت میں رکھا جائے، تاکہ فیلڈ میں پولیسنگ کے امور مؤثر انداز میں سرانجام دیے جاسکیں۔

بقیہ 50

اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 51

نے تمام اقدامات کیے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

بقیہ 52

ناگزیر ہے، پارلیمان عوامی نمائندگی کا ادارہ ہے جہاں قانون سازی کا بنیادی مقصد عوامی مسائل کا حل اور عام شہریوں کے حقوق کا تحفظ ہونا چاہیے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اربوں روپے کے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے استعمال پر نظرثانی کی ضرورت ہے، اس پروگرام کو مالی امداد کی بجائے چھوٹے کاروبار شروع کرنے کیلئے بلاسود قرضوں کی فراہمی کیلئے مختص کیا جائے۔

بقیہ 53

میں 2 مرد، 2 خواتین اور ایک بچہ شامل ہے۔جاں بحق ہونے والوں کا تعلق ضلع شیاری سے ہے، حادثے کے بعد بس کا ڈرائیور فرار ہو گیا جس کی تلاش شروع کردی گئی۔

بقیہ 54

جائیں گے، ایف نائن پارک میں ہزاروں کی تعداد میں نئے درخت لگائے جائیں گے ، مقصد ایف نائن پارک کو مزید سرسبز، محفوظ، خوبصورت اور خاندانوں اور زائرین کے لیے زیادہ پرلطف بنانا ہے۔

بقیہ 55

عرف درویش ہلاک ہوگیا۔سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ عادل شاہ دسمبر 2020 سے فتنۃ الخوارج سے وابستہ تھا، 2024 سے دہشتگرد گروہ کے مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا۔ذرائع کے مطابق دہشتگرد کمانڈر غیر مقامی دہشت گردوں کو ژوب، شیرانی اور شعبان میں مستقل رہائش فراہم کرنے میں مدد کرتا تھا، عادل شاہ 2022 اور 2023 سے سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور اغوا برائے تاوان کے لیے بھتہ خوری میں بھی ملوث رہا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق عادل شاہ کے خلاف انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں 9 ایف آئی آرز درج تھیں، جبکہ اس کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ 56

اور لڑکیوں کے اکاؤنٹس بنا کر امریکا اور جرمنی سے کلائنٹس ڈھونڈے جاتے تھے۔گرفتار ملزمان خواتین کے نام سے جعلی سوشل میڈیا آئی ڈیز بنا کر بچوں کی انیمیٹڈ پورن کلپس اپ لوڈ کرتے تھے۔جس کے بعد بعض افراد ان سے یہ کلپس خریدتے تھے، جب کہ کچھ افراد اپنی فرمائش پر اینیمیٹڈ کلپس تیار کرواتے تھے۔ملزمان کلپس فراہم کرنے کے بعد متعلقہ خریداروں کو شواہد کی بنیاد پر بلیک میل بھی کرتے تھے۔ڈپٹی ڈائریکٹر این سی سی آئی اے شہزاد اکبر کے مطابق انٹرا ایج بچوں کو پورنوگرافک کارٹونز اور پروڈکشن کے لیے استعمال کیا جاتا تھا، نیچرل پرسن کے اوتار پورنوگرافک میٹریل تیار کیے جاتے تھے، کلائنٹس کو اپنی لائبریری کے تیار میٹریل بھی سیل آؤٹ کیے جاتے تھے اور کسٹمائز ڈ کنٹینٹ پر بھی کام ہوتا تھا جہاں بچے آرڈر کے مطابق کام کیا کرتے تھے۔

بقیہ 57

ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ چھ ماہ کا عرصہ بہت ہوتا ہے، سب کو مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑنی ہے اور اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔گورنر نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے۔قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر لاگو کروں گا۔انہوں نے کہا کہ میڈیا کو تنقید برائے اصلاح کا مکمل حق حاصل ہے،

بقیہ 58

شروع ہوسکتا ہے، پارٹی اس وقت مزاحمتی اور مفاہمتی سیاست کے درمیان کھڑی ہے اور آئندہ کا فیصلہ حکومت کے رویے کو دیکھ کر کیا جائے گا، بیرون ملک مقیم یوٹیوبرز کو اب مشورے دینے سے باز رہنے کا کہہ دیا ہے۔شوکت یوسف زئی نے کہا کہ تحریک انصاف میں کوئی فارورڈ بلاک نہیں اور پارٹی بیرسٹر گوہر کی قیادت میں متحد ہے۔وہ پارلیمانی پارٹی کے ارکان سے رابطے میں ہیں اور کسی فارورڈ بلاک کی تشکیل نہیں ہو رہی۔انہوں نے کہا کہ پارٹی عمران خان کے بیانیے کو آگے بڑھائے گی اور عمران خان سے ملاقات کے بعد ہی مذاکرات کی راہ نکل سکتی ہے۔

حکومت معاشی ترقی اور ایس ایم ایز کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت کا بنیادی کردار نجی شعبے کی سرپرستی اور آسانیاں پیدا کرنا ہے، جہلم کو خطے کا معاشی و کاروباری حب بنایا جائے گا

لاہور تا راولپنڈی موٹروے کا منصوبہ کھاریاں اور جہلم سے گزرتے ہوئے آئندہ دو سے تین سالوں میں مکمل کرلیا جائے گا، وزیر مملکت

اسلام آباد/جہلم (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر حکومت ملکی معیشت ترقی، صنعتی استحکام اور چھوٹے ودرمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے جس کے تحت سمیڈا بورڈ کو ازسرنو تشکیل دے کر فعال بنا دیا گیا ہے، حکومت کا بنیادی کردار نجی شعبے کی سرپرستی اور آسانیاں پیدا کرنا ہے، اسی وژن کے تحت جہلم کے شاندار پوٹینشل، بلند شرح خواندگی اور پرامن ماحول کو بروئے کار لا کر اسے خطے کا کامیاب معاشی (بقیہ نمبر 28)

جیٹ فیول، لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کا تیل بھی مہنگا کردیا گیا

لائٹ ڈیزل آئل 7 روپے 87 پیسے فی لیٹر، مٹی کا تیل 4 روپے 21 پیسے فی لٹر مہنگا

اسلام آباد (این این آئی) طیاروں کا فیول، لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کا تیل مہنگا کردیا گیا، قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری طور پر کیا گیا ہے۔ طیاروں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں 4 روپے 96 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا اور نئی قیمت 357 روپے 37 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔ اس سے قبل جیٹ فیول کی قیمت 352 روپے 41 پیسے فی لیٹر تھی۔ لائٹ (بقیہ نمبر 29)

وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ، قیصر احمد شیخ غریب خواتین میں کپڑے تقسیم کررہے ہیں

سیکرٹری داخلہ، جیل سپرنٹنڈنٹ کوٹ لکھپت کی آج ذاتی حیثیت میں ہائیکورٹ طلبی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کی مبینہ غیر قانونی حراست کیس کی سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے سیکرٹری داخلہ اور سپرنٹنڈنٹ کوٹ لکھپت جیل کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا ہے۔ دونوں افسران کو تفصیلی رپورٹ کے ہمراہ (بقیہ نمبر 30)

تعطیل کے روز لاہور آلودہ شہروں میں تیسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) تعطیل کے روز صوبائی دارالحکومت لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں تیسرے نمبر پر رہا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس آئی 189 ریکارڈ کیا گیا فضائی آلودگی کے مقامی اعداد وشمار کے مطابق علامہ اقبال ٹاؤن میں اے کیو آئی 260، ایئر واچ پاکستان اسٹیشن پر 245، برکی روڈ پر 213، ایک اور برکی روڈ اسٹیشن پر 206، اے آر سی میں 204 اور ڈی ایچ اے میں 203 ریکارڈ کیا گیا۔ بیدیاں تھیٹر روڈ پر فضائی آلودگی کی شرح 190 رہی۔

اٹک میں فائرنگ اور ٹریفک حادثات، میاں بیوی جاں بحق

اٹک (این این آئی) ضلع اٹک میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات اور ٹریفک حادثے میں میاں بیوی جاں بحق جبکہ ایک نوجوان سمیت دو افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فتح جنگ کے خورد روڈ پر گھر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 42 سالہ نعیم ولد سروشان اور ان کی 35 سالہ اہلیہ جاں بحق ہو گئے۔ پولیس اور فرانزک ٹیم کی کارروائی (بقیہ نمبر 33)

دوران ڈکیتی شوہر اور بچوں کے سامنے زیادتی ڈرامہ نکلا، ماسٹر مائنڈ گرفتار

پولیس نے منصوبہ ساز کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج کرکے دیگر ملزمان کی تلاش شروع کردی

ملتان (این این آئی) ملتان میں شوہر اور بچوں کے ساتھ سفر کرنے والی خاتون کی جانب سے زیادتی کا دعویٰ جھوٹا نکلا جس کا مقصد رقم کے عوض مخالفین کو پھنسانا تھا۔ نجی ٹی وی کے مطابق گزشتہ رات پیش آنے والے اس واقعے میں میاں بیوی نے رقم کے بدلے ڈکیتی اور زیادتی کا ڈرامہ رچایا تھا۔ پولیس کے مطابق عابد نامی شخص کا اپنے مخالفین کے ساتھ (بقیہ نمبر 31)

ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام کی چیخیں نکل گئیں

گیس کی 600 روپے فی کلو تک سرعام فروخت جاری، انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، شہر میں ایل پی جی 600 روپے فی کلو تک کے حساب سے سرعام فروخت ہورہی ہے جس پر انتظامیہ کی خاموشی معنی خیز ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی سرکاری قیمت میں کمی کے دعووں کے باوجود (بقیہ نمبر 32)

لاہور، عوامی رکشہ یونین کے زیراہتمام پیٹرولیم اور ایل پی جی کی بلند ہوتی قیمتوں کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

سرگودھا شہر میں یونیورسٹی روڈ پر تین بس اڈوں کے لائسنس منسوخ

ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا سبب بننے والے تین بس اڈوں کے لائسنس منسوخ، 8 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو جنرل بس اسٹینڈ پر منتقل

سیکرٹری آر ٹی کی ہدایت پر تینوں ٹرانسپورٹ اڈوں سے چلنے والی 8 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو لاری اڈا منتقل کردیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں یونیورسٹی روڈ پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا سبب بننے والے تین بس اڈوں کے لائسنس منسوخ کر کے انہیں سیل کر دیا گیا جبکہ 8 ٹرانسپورٹ کمپنیوں کو جنرل بس اسٹینڈ پر منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر میں یونیورسٹی روڈ پر ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ کا سبب بننے والے تین بس اڈوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موٹر وہیکلز (بقیہ نمبر 34)

مریدکے، 9 سالہ بچے سے مبینہ بدفعلی کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے مبینہ طور پر بچے کو بہلا پھسلا کر کھیتوں میں لے جا کر بدفعلی کی، پولیس حکام

مریدکے (این این آئی) ضلع مریدکے کے چک سنتا میں 9 سالہ بچے سے مبینہ بدفعلی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مبینہ بدفعلی کے واقعے پر تھانہ صدر مریدکے پولیس نے ملزم جہانگیر کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے مبینہ طور پر بچے کو بہلا پھسلا کر کھیتوں میں لے جا کر بدفعلی کی۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کی ہدایت کی۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے کہا کہ بچوں کے (بقیہ نمبر 35)

گلبرگ میں 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے، 59 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی لاہور زون نے گلبرگ میں کارروائی کرتے ہوئے 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے مارکر 59 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں 52 مرد اور 7 خواتین شامل ہیں۔ کارروائی کے دوران 61 لیپ ٹاپس، 21 کمپیوٹر سسٹمز اور 25 موبائل (بقیہ نمبر 36)

پانی، صفائی اور حفظان صحت سے متعلق آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ

محکمہ ہاؤسنگ نے واسا کے تعلقات عامہ کے افسران کو مربوط کمیونیکیشن نظام کے تحت یکجا کردیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پانی، صفائی اور حفظان صحت کے شعبے میں عوامی آگاہی بڑھانے کے لیے بڑی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ محکمہ ہاؤسنگ نے صوبے بھر کے واسا کے تعلقات عامہ کے افسران کو مربوط کمیونیکیشن نظام کے تحت یکجا کردیا۔ اس سلسلے میں الجزاری واٹر اکیڈمی لاہور میں پنجاب کے 41 اضلاع کے واسا پی آر اوز کے لیے صوبے کی تاریخ کا پہلا تربیتی سیشن منعقد کیا گیا جس میں اربن فلڈنگ، صاف پانی کی (بقیہ نمبر 37)

پاک فوج کے افسر ہونے کا ڈھونگ رچا کر شہریوں کو لوٹنے والے دو ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم سیکیورٹی ایجنسی (این سی سی آئی اے) کراچی نے پاک فوج کے افسر ہونے کا ڈھونگ رچا کر شہریوں کو لوٹنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کراچی زون نے کورنگی انڈسٹریل ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے دو ایسے ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے جو مبینہ طور پر پاک فوج کے افسر بن کر معصوم شہریوں سے (بقیہ نمبر 39)

حنا جاوید کے اہلخانہ کا مریم نواز کو خط، جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ

مختلف فورمز اور حکومتی نمائندوں کے ذریعے پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی پر تحفظات سے آگاہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) حنا جاوید قتل کیس میں متاثرہ خاندان نے تحقیقات کیلئے فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کردیا۔ مقتولہ حنا جاوید کے اہلخانہ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو کھلا خط لکھ کر پولیس انویسٹی گیشن کمیٹی کے نتائج کو مسترد کرتے ہوئے تحقیقات کیلئے فوری جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ اہلخانہ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 38)

چائلڈ پورنوگرافی کا بین الاقوامی نیٹ ورک بے نقاب

سکردو کا گینگ لیڈر گرفتار کرلیا گیا، کراچی ہراسمنٹ کیس میں ملزم 13 گھنٹے میں گرفتار کیا گیا، رپورٹ

ملزم اپنے 4 سے 5 سالہ معصوم بچوں کی نازیبا ویڈیوز بنا کر ٹیلی گرام کے خفیہ گروپس میں کرپٹو کرنسی کے ذریعے فروخت میں ملوث تھا

ویڈیوز میں جانوروں سے بدسلوکی کے ہوشربا مناظر بھی شامل، دوسرے کیس میں ہراسمنٹ سے تنگ بچی کی خودکشی کی کوشش

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے چائلڈ پورنوگرافی کا بین الاقوامی نیٹ ورک بے نقاب کردیا، سکردو کا گینگ لیڈر گرفتار کرلیا گیا، کراچی ہراسمنٹ کیس میں ملزم 13 گھنٹے میں گرفتار کیا گیا، ملزم (بقیہ نمبر 40)

اسحاق ڈار سے چین کے سفیر کی ملاقات، علاقائی پیش رفت بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زائدونگ نے ملاقات کی جس دوران علاقائی پیش رفت بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اتوار کو ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور چین کی ہر موسم میں آزمودہ سٹریٹجک تعاون پر مبنی شراکت داری میں مسلسل پیش رفت کو سراہا جس میں سی پیک کے تحت تعاون، رابطے، تجارت و سرمایہ کاری، زرعی (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی، بارش اور سرد موسم میں صدر بازار سے شہری گرم کپڑوں کی خریداری کررہے ہیں

بدلتے موسم کے باعث سرسید چوک میں ایک دوکان پر کاریگر گرم رضائیوں کیلئے روئی تیار کررہے ہیں

نجی پٹرول پمپ کے منیجر سے ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین

پمپ منیجر، ملازم اور ساتھی ملوث نکلے، تینوں ملزمان گرفتار کرکے نقدی 18 لاکھ روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) واہ کینٹ پولیس نے پانچ روز قبل نجی پٹرول پمپ کے منیجر سے ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین کردیا، پمپ منیجر، ملازم اور ساتھی ملوث نکلے، تینوں ملزمان گرفتار کرکے نقدی 18 لاکھ روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پانچ روز قبل نجی پٹرول پمپ کے منیجر سے ڈکیتی کی واردات کا (بقیہ نمبر 42)

مبینہ غلط انجکشن لگنے سے 5 سالہ بچی جاں بحق، مبینہ ڈاکٹر گرفتار

پولیس نے متوفیہ کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ چیک کیا تو متوفیہ کی موت بوجہ ری ایکشن انجکشن ہونا پائی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تھانہ مورگاہ کے علاقے میں مبینہ غلط انجکشن لگنے سے پانچ سالہ بچی جاں بحق پولیس کے مقدمہ درج کرکے ملزم مبینہ ڈاکٹر جو کمپاونڈر بتایا جاتا ہے کو گرفتار کرلیا، تفتیش شروع کردی گئی۔ پولیس کے مطابق توقیر احمد نے بتایا کہ پانچ سالہ بچی جنت فاطمہ کی طبیعت خراب ہوئی تو اسکو میں اور میرے والد چیک اپ کے لئے اسکو چھامرہ مورگاہ مین ڈاکٹر یونس کے لیکر آئے جس نے بچی کو فوری انجکشن لگایا جسکی وجہ سے (بقیہ نمبر 43)

شائقین کرکٹ پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان ٹرانگولر سیریز کا کھیلے جانے والا میچ دیکھ رہے ہیں

اسلام آباد، گزشتہ ہفتے 267 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

مختلف سرچ آپریشنز کے دوران 2,482 افراد، 919 گھروں، 324 دکانوں

122 ہوٹلوں، 1,355 موٹرسائیکلوں اور 547 گاڑیوں کی چیکنگ

منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گزشتہ ہفتے 267 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرکے منشیات، غیر قانونی اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کیا جبکہ مختلف سرچ آپریشنز کے دوران 2,482 افراد، 919 گھروں، 324 دکانوں، 122 ہوٹلوں، 1,355 موٹرسائیکلوں اور 547 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس (بقیہ نمبر 44)

موٹروے پولیس نے دوران چیکنگ کار سے مغوی کو بازیاب کرالیا

مغوی کو گوجرانوالہ وزیرآباد سے اے ٹی ایم سے رقم نکلوانے کے دوران اغوا کیا گیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) موٹروے پولیس نے دوران گشت کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اغوا شدہ شخص کو بازیاب کرالیا اور تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیرآباد کے قریب دوران گشت موٹروے پولیس نے مشکوک آلٹو کار کو روک کر مغوی کو بازیاب کرا لیا، مغوی کو گوجرانوالہ کے علاقے وزیرآباد کے قریب اے ٹی ایم سے رقم نکلوانے کے دوران اغوا کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول، پانچ گولیاں، (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی، ایک خانہ بدوش نوجوان نالہ لئی میں کچرے کے ذخیرے سے کارآمد اشیاء تلاش کررہا ہے

پشاور اسکول سانحہ، 2 ملزمان نے گرفتاری کے خوف سے ضمانت کروالی

نجی اسکول کی تعمیر کا ٹھیکیدار بھی تاحال روپوش، جامع رپورٹ متعلقہ محکمے کو ارسال کردی گئی

پشاور (این این آئی) نجی اسکول کی چھت گرنے سے ہونے والی ہلاکتوں کے واقعے میں دو ملزمان نے گرفتاری کے خوف سے ضمانت کروا لی۔ تفصیلات کے مطابق دیر کالونی اسکول سانحے سے متعلق کیس میں گرفتاری کے ڈر سے 2 ملزمان نے ضمانت قبل از گرفتاری کروالی جبکہ واقعے کی ایف آئی آر میں نامزد اسکول مالک پہلے ہی گرفتار ہے۔ تفتیشی ٹیم کے مطابق واقعے کی ایف آئی آر میں ملوث ٹھیکیدار بھی تاحال روپوش ہے، ملزم کی (بقیہ نمبر 46)

ایک فیملی پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیموں کے درمیان ٹرانگولر سیریز کا کھیلے جانے والا میچ دیکھ رہی ہے

بینظیر بھٹو اسپتال میں مبینہ غفلت کے سبب دو بچے دوران زچگی جاں بحق

اہل خانہ کا سینئر ڈاکٹرز کے غائب ہونے اور زچگی کیس جونیئر کو دینے کا الزام

راولپنڈی (این این آئی) بینظیر بھٹو اسپتال میں مبینہ غفلت کے سبب دو بچے دوران زچگی جاں بحق ہوگئے، ماں تشویش ناک حالت میں مبتلا ہو کر آئی سی یو پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق اہل خانہ نے ڈیوٹی پر سینئر ڈاکٹر کی عدم موجودگی کا الزام عائد کیا ہے اور کہا ہے کہ سینئر ڈاکٹرز نہیں تھے اس لیے کیس جونیئر ڈاکٹرز کے حوالے کیا گیا جس کے باعث یہ کیس خراب ہوا۔ اطلاعات کے مطابق ٹیکسلا سے آئی 18 سالہ اقرا کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا جس پر اہل خانہ نے واقعے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر شرجیل شیخ نے کہا (بقیہ نمبر 47)

ڈی جی انفورسمنٹ پی ٹی اے کا دورہ لاہور

ڈائریکٹر جنرل نے اہل آپریٹروں کو ہر ممکن سہولت اور تعاون کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے ڈائریکٹر جنرل انفورسمنٹ نے لاہور کا دورہ کیا اور پی ٹی اے کے زونل آفس لاہور میں فکسڈ لائن لائسنس یافتگان (ایف ایل ایل)، کلاس ویلیو ایڈڈ سروسز (سی وی اے ایس) اور نئی متعارف کردہ ڈیٹا کلاس ویلیو ایڈڈ سروسز (ڈی سی وی اے ایس) کے لائسنس یافتگان کے ساتھ متعدد اجلاس کیے، جن کا مقصد صارفین کو فراہم کی جانے والی فکسڈ براڈ بینڈ سروسز کے معیار (بقیہ نمبر 48)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

آئی جی کی زیر صدارت اہم اجلاس، پولیسنگ انتظامی امور کا جائزہ

پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تزئین وآرائش، سکیورٹی انتظامات اور افسران و جوانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا

کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے افسران کو سرکاری گاڑیوں کی بروقت مینٹیننس یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری کی زیرصدارت سینئر پولیس افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں آئی جی اسلام آباد نے پولیسنگ، انتظامی امور اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کا جائزہ لیا جبکہ انہوں نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں تزئین وآرائش، سکیورٹی انتظامات اور افسران و جوانوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی معائنہ کیا اور مزید افسران (بقیہ نمبر 49)

بے نظیر بھٹو ہسپتال کے باہر غریب ونادار افراد کے لئے لگائے جانے والے لنگر سے مرد وخواتین کھانا کھارہے ہیں

5 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کرکے چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرکے 01 کلو 260 گرام چرس، 10 لیٹر سے زائد شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، کلرسیداں اور نیوٹاؤن کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز (بقیہ نمبر 50)

سی پی او کی ہدایات پر سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او کی ہدایات پر سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا گیا، فول پروف سکیورٹی ہمہ وقت یقینی بنانے کیلئے راولپنڈی پولیس (بقیہ نمبر 51)

بی آئی ایس پی میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں پر تشویش کا اظہار

بگاڑ درست کرنے کیلئے بے لاگ احتساب ناگزیر ہے، چیئرمین آصف سلیم

لاہور (این این آئی) پبلک ایکشن فورم پاکستان کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں 24 ارب روپے کی مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور سینیٹرز کو تاحیات بلیو پاسپورٹ دینے کے بل کی منظوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں پیدا ہونے والے بگاڑ درست کرنے کے لئے بلا تاخیر بے لاگ احتساب (بقیہ نمبر 52)

کراچی سے سانگھڑ جانے والی مسافر بس اور کار کی ٹکر، 5 افراد جاں بحق

جاں بحق ہونے والوں میں 2 مرد، 2 خواتین اور ایک بچہ شامل، تعلق ضلع ٹیاری سے ہے

کراچی (این این آئی) سانگھڑ کے علاقے ٹنڈو آدم جھول روڈ پر مسافر بس اور کار کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 3 شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کراچی سے سانگھڑ جانے والی مسافر بس کی سانگھڑ سے سعید آباد جانے والی کار سے ٹکر ہوئی جس کے نتیجے میں کار میں سوار 4 افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ بعدازاں زخمیوں کو حیدرآباد منتقل کرتے ہوئے ایک اور زخمی خاتون دم توڑ گئی۔ جاں بحق ہونے والوں (بقیہ نمبر 53)

ایف نائن پارک میں ایک بھی درخت نہیں کاٹا جائے گا، محسن نقوی

کوئی نیا کنکریٹ کا ڈھانچہ بھی تعمیر نہیں ہوگا، بہتر لائٹنگ، خوبصورت جھیل، کافی شاپس، پیدل چلنے کے بہتر راستے بنائیں گے

ایف نائن پارک اسلام آباد میں رہنے والے ہر فرد کے دل میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایف نائن پارک میں ایک بھی درخت نہیں کاٹا جائے گا۔ سوشل ویب سائٹ ایکس پر دیے گئے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایف نائن پارک اسلام آباد میں رہنے والے ہر فرد کے دل میں ایک خاص مقام رکھتا ہے، پارک میں نہ صرف ایک بھی درخت نہیں کاٹا جائے گا بلکہ کوئی نیا کنکریٹ کا ڈھانچہ بھی تعمیر نہیں کیا جائے گا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پارک میں بہتر لائٹنگ، خوبصورت جھیل، کافی شاپس، پیدل چلنے کے بہتر راستے بنائے (بقیہ نمبر 54)

سردیوں کی آمد اور انڈوں کی مانگ میں اضافے کے باعث رحیم آباد میں دوکاندار گاڑی سے انڈے اتار رہے ہیں

سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، فتنہ الخوارج کا دہشتگرد ہلاک

دہشتگرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائیوں کے دوران دہشتگرد کمانڈر مارا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ میں آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی، دو مختلف مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے دو مختلف مقدمات میں مطلوب 4 ملزمان گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے معمولی تلخ کلامی پر شہری پر تشدد کرکے زخمی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، نیوٹاؤن پولیس نے معمولی تلخ پر شہری پر تشدد کرکے زخمی کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جارہے ہیں۔ ایس پی راول نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بچوں کی اینیمیٹڈ پورنوگرافی کے ملزمان سے تفتیش میں اہم انکشافات

دو روز قبل گلستان جوہر میں کارروائی کرتے ہوئے 42 افراد کو حراست میں لیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں بچوں کی اینیمیٹڈ پورنوگرافی میں ملوث گرفتار ملزمان سے تفتیش میں اہم انکشافات سامنے آگئے۔ این سی سی آئی اے نے دو روز قبل گلستان جوہر میں کارروائی کرتے ہوئے 42 افراد کو حراست میں لیا جن میں سے 13 افراد کو باقاعدہ گرفتار کیا گیا۔ این سی سی آئی اے کے مطابق تینوں کمپنیوں کے پیچھے ایک ہی شخص ملوث ہے، تین مرحلوں میں یہ کمپنیاں کام کرتی تھیں، سوشل میڈیا پر بچیوں (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صادق آباد پولیس نے چند روز قبل شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چند روز قبل شہری کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے ساتھی کے ہمراہ چھریوں کے وار سے شہری کو زخمی کیا جو دوران علاج معالجہ دم توڑ گیا، واقعہ سابقہ رنجش کی بناء پر پیش آیا، ملزم واقعہ کے بعد فرار ہوگیا تھا، صادق آباد پولیس نے مقدمہ درج کرکے ٹیکنیکل وہیومن انٹیلیجنس ذرائع سے ملزم کو گرفتار کرلیا۔

راولپنڈی، پی ایچ اے کے اہلکار کرین کی مدد سے میٹرو پلر پر پودے لگا رہے ہیں

گورنر راج کے بعد وفاق اور خیبرپختونخوا ایک پیج پر آ گئے، گورنر KP

دہشت گردی کے خلاف مل کر جنگ لڑنی، ہم امن چاہتے ہیں، ہر کسی پر اعتراض ہوسکتا ہے مگر اداروں پر نہیں

وفاق کے تعاون کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا، صوبے کو درپیش مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے، فیصل کریم کنڈی

صوابی (این این آئی) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وفاق کے ساتھ ہم آہنگی خیبرپختونخوا کے لیے خوش آئند ہے اور صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ ایک پیج پر آ گئے ہیں، وفاق کے تعاون کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا، صوبے کو درپیش مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے۔ صوابی میں اجتماع میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وفاق اور دیگر صوبوں کے ساتھ خوشگوار اور برادرانہ تعلقات کا فروغ (بقیہ نمبر 57)

یوٹیوبرز کے بیانیے کا تحریک انصاف سے کوئی تعلق نہیں، شوکت یوسفزئی

بیرون ملک مقیم یوٹیوبرز کو اب مشورے دینے سے باز رہنے کا کہہ دیا ہے، رہنما پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کو 14 روز گزر چکے ہیں تاہم حکومت کا کوئی واضح وژن سامنے نہیں آیا، اداروں کے خلاف یوٹیوبرز کے کسی بیانیے کا تحریک انصاف سے کوئی تعلق نہیں۔ اپنے بیان میں شوکت یوسف زئی نے حکومت کی پالیسیوں اور کارکردگی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ حکومتی نااہلی کے باعث ملک بندگلی میں کھڑا ہے، معیشت وینٹی لیٹر پر ہے اور ملک قرضوں پر چل رہا ہے، جبکہ مہنگائی اور بے روزگاری نے عوام کا جینا حرام کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کو سیاسی گنجائش ملنی چاہیے، بصورت دیگر پرامن احتجاج دوبارہ (بقیہ نمبر 58)